عوام کی آواز پاکستان کی آواز ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت: 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
جلد نمبر 21 | بروز منگل 24 نومبر 2026ء / 13 جمادی الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 237

وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان بھر کے باصلاحیت نوجوانوں کو برابری کی بنیاد پر مواقع فراہم کریں گے

اعلیٰ عسکری قیادت نے بلوچستان کے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے سب سے پہلے آواز اٹھائی نوجوانوں نے بھی روشن مستقبل اور ترقی کے بہترین مواقع فراہم کرنے پر وفاقی حکومت کے احسن اقدام کو بھرپور سراہا ہے

فاقی حکومت نے بلوچستان میں نوجوانوں کو خود مختار بنانے اور باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے شاندار اقدامات کیے ہیں، صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں کیلئے 25 ہزار سے زائد ملازمتوں کے جامع پلان پر اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت سے اظہار تشکر کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی جانب سے صدر مملکت، وزیراعظم اور عسکری قیادت کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ عسکری قیادت نے بلوچستان کے نوجوانوں کو باعزت روزگار (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

متحدہ عرب امارات اور سنگاپور دنیا کے محفوظ ترین ملک قرار، گیلپ رپورٹ

پاکستان میں صرف 53 فیصد افراد خود کو محفوظ سمجھتے ہیں، بھارت میں شرح 71 فیصد ہے، رپورٹ

سنگاپور (جی این ایم) ذاتی تحفظ کے اعتبار سے متحدہ عرب امارات نے دنیا بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی، گیلپ کی گلوبل سیفٹی رپورٹ 2026 کے مطابق متحدہ عرب امارات اور سنگاپور 96 فیصد شرح کے ساتھ پہلے نمبر پر (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

آئی بی سی سی کا اسناد کی تصدیق کا آن لائن نظام شروع کرنے کا فیصلہ

اسناد کی تصدیق گھر بیٹھے ہوگی، آئی بی سی سی دفاتر جانے اور کوریئر سے دستاویزات بھیجنے کی ضرورت ختم ہوجائے گی

اسلام آباد (اے این این) آئی بی سی سی نے یکم | جنوری 2027ء سے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

روہڑی ریلوے اسٹیشن کے اسٹال نمبر 8 اور 10 پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت بند

روہڑی ریلوے اسٹیشن پر ریلوے حکام کی کارروائی، دو اسٹالوں پر غیر متعلقہ سامان کی فروخت روک دی

سکھر (اسلم سومرو) روہڑی ریلوے اسٹیشن پر قائم اسٹال نمبر 8 اور 10 پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت کے حوالے سے چند روز قبل اخبارات میں خبریں شائع ہونے کے بعد محکمہ ریلوے کے افسران نے نوٹس لیتے ہوئے کارروائی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

نفرت اور تقسیم کی سیاست چھوڑ کر عوام کو ریلیف دینے کا سوچیں، بلاول

ہمیں ملک میں ایسا نظام بنانا ہوگا جس پر حکومت اور اپوزیشن دونوں اعتماد کرسکیں تبھی ہم مشکل معاشی حالات کا مقابلہ کرسکتے ہیں

ملک کے حالات سے میں خود مایوس ہوں تو پاکستان کے نوجوانوں کی کیا حالت ہوگی، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

کراچی (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سندھ یوتھ کارڈ کا افتتاح کردیا۔ سندھ یوتھ کارڈ کے اجرا کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ یوتھ کارڈ شروع کرکے سندھ حکومت آج ایک بار پھر تاریخ رقم (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

12 مئی دوبارہ نہیں ہونے دیں گے، مذاکرات ہی مسائل کا حل ہیں، میئر کراچی

ہم چاہتے ہیں کہ کوئی سڑک بند نہ ہو، کوئی سیاسی جماعت اگر کوئی بات کرنا چاہے تو کرے

کراچی (اے این این) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ سانحہ 12 مئی نہیں ہونے دیں گے، بات چیت ہی مسائل کا حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی ڈائیلاگ (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

اسلام آباد، مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب کے شرکاء سے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی خطاب کر رہے ہیں

افغانستان سے تجارت وہاں کی دہشتگردی کے سبب بند ہے، جام کمال

لہذا پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارت سے اہم نیشنل سیکیورٹی کا معاملہ ہے بھارت پہلے کشمیر کے معاملے پر بات کرے، پاکستان تجارت کے لیے تیار ہے

ہمارا موقف ہے سیکیورٹی پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، پاکستان افغانستان کے درمیان تجارت سے زیادہ اہم نیشنل سیکیورٹی کا معاملہ ہے، وفاقی زیرتجارت

اسلام آباد (اے این این) وزیر تجارت جام کمال نے کہا ہے کہ افغانستان سے تجارت وہاں کی دہشتگردی کے سبب بند ہے، پاکستان بار بار افغانستان کو یہ شواہد پیش کر رہا ہے کہ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کے تانے بانے افغانستان سے ملتے ہیں۔ پیر کو ٹریڈ ڈیولپمنٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

مریم نواز کا تقریبات میں شرکت کرنیوالے سکھ یاتریوں کا خیر مقدم

پاکستان بالخصوص پنجاب امن، محبت، مذہبی رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کی سرزمین ہے

لاہور (اے این این) وزیراعلیٰ پنجاب نے بابا گرو نانک کے جنم دن کی تقریبات میں شرکت کیلئے آنے والے سکھ یاتریوں کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بابا گرو نانک کے 557ویں جنم دن کی تقریبات میں شرکت کے لیے پاکستان آنے والے سکھ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف وزیراعظم اپنا گھر پروگرام کے تحت قرضوں کی تقسیم کا سنگ میل عبور کرنے کی خوشی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل کا دورہ ملائیشیا، دفاعی و عسکری تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق

سید عاصم منیر کی ملائیشین وزیراعظم اور وزیردفاع سے ملاقاتیں، علاقائی و عالمی سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال، مسلح افواج کے درمیان ادارہ جاتی روابط بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (اے این این) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملائیشیا کا سرکاری دورہ کیا اور دفاعی تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پرداناپترا، پوتراجایا میں ملائیشیا کے وزیراعظم، داتو سری انور ابراہیم سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، دفاعی اور سلامتی تعاون، اور علاقائی و عالمی سلامتی کی بدلتی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے امور پر غور کیا اور علاقائی امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینے کیلئے جاری رابطوں کی اہمیت پر زور دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملائیشین وزیراعظم نے فیلڈ مارشل کا پرتپاک استقبال کیا اور پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دیرینہ دوستی، اعتماد اور تعاون کے رشتے کو سراہا، انہوں نے دفاع اور سلامتی کے شعبوں میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ملائیشیا کی وابستگی کا اعادہ کیا۔ فیلڈ مارشل نے جنوب مشرقی ایشیا میں امن و استحکام کو فروغ دینے میں ملائیشیا کے تعمیری کردار کی تعریف کی اور دونوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان دفاعی تعاون (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان عدالتی تعاون کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں، پاکستان نے عدالتی نظام میں اصلاحات متعارف کرائی ہیں، عدالتی نظام میں جدید ٹیکنالوجی کو فروغ ملے گا، چیف جسٹس پاکستان

پاکستان کیساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں، پاکستان کیساتھ تعلقات باہمی اعتماد اور مشترکہ اقدار پر استوار ہیں، ترکیہ کورٹ آف کیسیشن کے صدر

اسلام آباد (اے این این) پاکستان اور ترکیہ کے درمیان عدالتی تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیئے گئے۔ اسلام آباد میں سپریم کورٹ آف پاکستان اور ترکیہ کے کورٹ آف کیسیشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت کی تقریب ہوئی، دونوں ممالک (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

اسکردو میں درجہ حرارت منفی 6 ڈگری تک گر گیا، کوئٹہ میں پارہ 3 ڈگری ریکارڈ

ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے

کوئٹہ، سکردو (اے این این) اسکردو اور گردونواح میں شدید سردی کی لہر نے معمولات زندگی متاثر کرنا شروع کردیے، شہری علاقوں میں درجہ حرارت منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ تک گرنے سے درختوں اور پتوں پر برف کی سفید تہہ جم گئی، جبکہ کوئٹہ میں بھی سردی کی شدت بڑھنے لگی ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

الزامات مسائل کا حل نہیں، پاکستان کے پاس دہشتگردی کے شواہد ہیں، مصدق ملک

دہشت گردی کا معاملہ ضرور زیر بحث آئے گا، تاہم اس حوالے سے ہونے والی ہر بات مستند شواہد کی بنیاد پر ہونی چاہیے

پاکستان متعدد مرتبہ بھارت سے دہشت گردی کے حوالے سے ٹھوس ثبوت فراہم کرنے کا مطالبہ کرچکا ہے، وفاقی وزیر

نئی دہلی (اے این این) وفاقی وزیر مصدق ملک نے کہا ہے کہ الزامات لگانے سے مسائل کا حل نہیں نکلتا، پاکستان کے پاس دہشت گردی کے شواہد موجود ہیں۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک نے کہا کہ دہشت گردی کا معاملہ ضرور زیر بحث آئے گا، تاہم اس حوالے سے ہونے والی ہر بات مستند شواہد کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔ محض الزامات لگانے کے بجائے حقائق سامنے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

پاک چین دوستی؛ خلائی جہاز شین زو-24 کی لانچنگ کی مشق کامیابی سے مکمل

جیو چوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر پر شین زو-24 خلائی جہاز کی کامیاب لانچنگ ڈرل کی گئی، پرواز سے قبل عملے کی کامیاب مشق

اسلام آباد (اے این این) پاک چین دوستی کا ایک اور تاریخ ساز سنگِ میل سامنے آگیا، شین زو-24 کی لانچنگ کی مشق کامیابی سے مکمل ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق شمال مغربی چین میں واقع جیو چوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر پر شین زو-24 خلائی جہاز کی کامیاب لانچنگ ڈرل کی گئی، پرواز سے قبل عملے کی اس مشترکہ مشق میں تینوں خلا بازوں نے آپریشنز بالکل درست طریقے (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

ژوب اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.7 ریکارڈ

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع ژوب اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 4.7 اور گہرائی 82 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ژوب میں (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

پاک ایران قومی شاہراہ پرمل کے مقام پر ویگن حادثے کا شکار، ایک شخص جاں بحق اور چھ زخمی

نوشکی (یو این اے) پاک ایران قومی شاہراہ این چالیس پرمل کے مقام پر خاران جانے والی ویگن ٹریفک حادثے (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

اسلام آباد نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور پرتگال کے وزیر مملکت و امور خارجہ پاؤلو رنگل معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے پرتگال کے وزیر مملکت و امور خارجہ پاؤلو رنگل ملاقات کر رہے ہیں

زیارت، ہرنائی اور سنجاوی میں امن و امان کی صورتحال پر نور محمد دومڑ سے ڈی آئی جی کی ملاقات

عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، پولیس اور انتظامیہ میں مؤثر رابطہ ضروری ہے، نور محمد دومڑ

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دومڑ سے دومڑ ہاؤس کلی اڑس سنجاوی میں ڈی آئی جی لورالائی رینج جنید احمد شیخ نے خصوصی ملاقات کی ملاقات میں ضلع زیارت، ضلع ہرنائی اور تحصیل سنجاوی میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، عوام کے جان و مال کے تحفظ، جرائم کی روک تھام اور پولیس و ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ملک بھر کے عوام نئے چھوٹے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حق میں بول پڑے

اسلام آباد (جی این ایم) ملک بھر کے عوام کی جانب سے نئے چھوٹے صوبوں اور نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں آوازیں بلند ہورہی ہیں۔ کوئٹہ، لیہ، بہاولنگر اور کراچی (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

قطر اور جرمنی کا ایران سے حوثیوں کی حمایت ختم اور جوہری شفافیت بڑھانے کا مطالبہ

دوحہ (جی این ایم) قطر اور جرمنی نے ایران پر زور دیا ہے کہ وہ جوہری عدم پھیلاؤ کے معاہدے اور بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ساتھ جامع حفاظتی معاہدے کے تحت (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

بلوچستان ہائی کورٹ، کوئٹہ میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کیخلاف کارروائی اور جامع سروے کا حکم

کوئٹہ میں پانی کی فراہمی بہتر بنانے، خستہ حال پائپ لائنوں کی مرمت اور مستقبل کی منصوبہ بندی کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ شہر اور گردونواح میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی نشاندہی، سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں کے خلاف کارروائی اور پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جامع اقدامات کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کوئٹہ میں پانی کی فراہمی سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کے دوران یہ احکامات جاری کیے۔ سماعت کے دوران بی واسا کی جانب سے عدالت کو بتایا گیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے بعض علاقوں میں نجی ٹیوب ویلوں سے پانی کی فراہمی کے لیے استعمال ہونے والی بی واسا کی تقریباً 80 فیصد پائپ لائنیں منقطع کی (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

وزیراعظم 30 نومبر سے روس کا 3 روزہ سرکاری دورہ کریں گے

وزیراعظم شہباز شریف روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی دعوت پر ماسکو کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم شہباز شریف 30 نومبر سے روس کا تین روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف 30 نومبر کو روس کے سرکاری دورے پر ماسکو روانہ ہوں گے، ماسکو میں روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے اہم ملاقات متوقع ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی دعوت پر ماسکو کا دورہ کریں گے، دورے کے دوران دوطرفہ تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، دفاع اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوگا، وزیراعظم روسی صدر پیوٹن کو آئندہ سال پاکستان کے دورے کی دعوت دیں گے۔ پاکستان اور (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

محسن نقوی کی چوہدری شجاعت سے ملاقات، نئے صوبوں کے معاملے پر تبادلہ خیال

عوام کی منشا کے مطابق تمام تر فیصلے کرنا وقت کا اولین تقاضا ہے، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

انتظامی یونٹس کو مضبوط اور با اختیار بنانا موثر راستہ ہوسکتا ہے، سربراہ مسلم لیگ ق چوہدری شجاعت حسین

لاہور (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین سے لاہور میں ملاقات ہوئی ہے۔ ملاقات کی ملک کی مجموعی صورتحال اور امن و امان کے حکومتی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی، چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کا تعلق براہ راست عوام کی سہولت، بہتر طرز حکمرانی، انتظامی کارکردگی اور ملکی مستقبل سے ہے، انتظامی یونٹس کو مضبوط اور با اختیار بنانا بھی ایک موثر راستہ ہوسکتا ہے۔ چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ پاکستان کے سب سے بڑے اسٹیک ہولڈرز پاکستان کے عام لوگ ہیں، آج درست سمت میں قدم نہ اٹھایا تو کل معاف نہیں کرے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان اور کے پی کے میں انسداد دہشتگردی اور قیام امن کیلئے کئے گئے اقدامات سے متعلق آگاہ کیا، کہا پاکستان کے عوام کی منشا کے مطابق تمام تر فیصلے کرنا وقت کا اولین تقاضا ہے۔ وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چودھری سالک حسین اور صوبائی وزیر صنعت چودھری شافع حسین بھی ملاقات میں موجود تھے۔

مولانا فضل الرحمان میرے علاقے کے ہیں، ان کی غلط بات غلط ہے، گورنر کے پی

دہشت گردی کے خلاف جنگ ہماری اولین ترجیح ہے، ہمارے پاس غلطی کی گنجائش نہیں

پشاور (سی ایم لنکس) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ احترام کا رشتہ ہے، جے یو آئی سربراہ میرے علاقے کے ہیں، ان کی غلط بات غلط ہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو میں شوکت یوسفزئی کے بیان پر ردعمل میں کہا کہ میرا سوفٹ ویئر ٹھیک ہے، پی ٹی آئی ترجمان کا سوفٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوگیا ہے، اس لیے ٹی وی پر نظر آتے ہیں، مجھے میری پارٹی نے گالم گلوچ کی تربیت نہیں دی، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہماری اولین ترجیح ہے، ہمارے پاس غلطی کی گنجائش نہیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ مولانا کے شہداء اور ریاست کے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

اسلام آباد، مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب کے دوران چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی اور ترکیہ کی کورٹ آف کیسیشن کے صدر دستاویزات پر دستخط کر رہے ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم اپنا گھر پروگرام
558 ارب روپے کے قرضے منظور
رہائشی قرضوں کی مد میں 112.3 ارب روپے جاری
18,980 رہائشی قرضے جاری
13 نومبر 2026 تک کی پیش رفت۔
گھر ہو تو اپنا، تعبیر پاتے خواب، آباد ہوتے گھر!
وزارتِ اطلاعات و نشریات حکومتِ پاکستان
URAAN PAKISTAN
/GovtofPakistan /GovernmentofPakistan www.moib.gov.pk
PID(I)4738-D/26

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823946/03327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

سافٹ ویئر بھی اپ ڈیٹ

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) خیبر پختونخوا کے سیکریٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی کا کہنا ہے کہ گورنر فیصل کریم کنڈی کا سافٹ ویئر بھی اپ ڈیٹ لگتا ہے، وہ پہلے مولانا پر الزامات لگاتے تھے، اب احترام کی بات کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ معاشی بحران میں حکمران اپنے اخراجات کم کیوں نہیں کرتے؟ وزراء کے گھروں کی تزئین و آرائش پر کروڑوں خرچ کرنا دانشمندی نہیں، حکومت کی درآمدی اور برآمدی پالیسی فرسودہ ہوچکی ہے، موجودہ پالیسی ملک کی ضروریات پوری نہیں کر پا رہی، حکومتی پالیسیوں سے عوام نہیں مخصوص طبقہ فائدہ اٹھا رہا ہے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ چینی برآمد کرنے سے ملک میں بحران پیدا ہونے کا خدشہ ہے، ماضی میں چینی برآمد کرکے مہنگے داموں درآمد کرنا پڑی، کیا حکومت ضمانت دے سکتی ہے کہ چینی کا بحران نہیں آئے گا؟ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ایران اور امریکا کی ثالثی خوش آئند ہے، ایران پڑوس میں ہے، وہاں سے اپنے ملک کے لیے سستی گیس نہیں لا سکتے۔ شوکت یوسفزئی نے یہ بھی کہا کہ چھوٹے صوبوں کے قیام سے ملک کمزور نہیں ہوگا، تحریک انصاف نے کبھی نئے صوبوں کی مخالفت نہیں کی، صوبوں کے قیام پر تحریک انصاف کا موقف واضح اور اصولی ہے، صوبوں کی بات کرنے والا بانی پی ٹی آئی سے براہ راست بات کرے، چھوٹے انتظامی یونٹس سے عوام کے بنیادی مسائل حل ہوں گے۔

01

اسناد کی تصدیق کا آن لائن نظام شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس کے تحت اسناد کی تصدیق گھر بیٹھے ہوگی، آئی بی سی سی دفاتر جانے اور کوریئر سے دستاویزات بھیجنے کی ضرورت ختم ہو جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق تعلیمی اسناد کی تصدیق میں بڑی تبدیلی آئی ہے، آئی بی سی سی نے فیصلہ کیا ہیکہ اس سسٹم کو آن لائن کردیا جائے گا، اسناد کی تصدیق گھر بیٹھے ہوگی، آئی بی سی سی دفاتر جانے اور کوریئر سے دستاویزات بھیجنے کی ضرورت بھی ختم ہوجائے گی اور درخواست سے تصدیق شدہ سند کے اجرا تک تمام مراحل آئی بی سی سی پورٹل پر مکمل ہوں گے۔ آئی بی سی سی کے مطابق طلبہ تصدیق شدہ اسناد اپنے پورٹل اکاؤنٹ سے ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کرسکیں گے، ایک بار تصدیق، ضرورت کے مطابق پرنٹ ہونے کی صورت میں اسی سند کی ہر اضافی نقل پر الگ تصدیقی فیس نہیں ہوگی۔ مکمل آن لائن تصدیق کا فیصلہ ڈاکٹر غلام علی ملاح کی زیر صدارت آئی بی سی سی بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں کیا گیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر آئی بی سی سی ڈاکٹر غلام علی ملاح کے مطابق ملک بھر کے 29 امتحانی بورڈز اور دینی مدارس کی اہل اسناد کے لیے آن لائن سہولت دستیاب ہوگی، نئی سہولت سے چار سے پانچ لاکھ طلبہ کو فائدہ ہوگا، سفری اخراجات اور انتظار کا وقت بچے گا، اسناد کی تصدیق کا نیا نظام وفاقی سیکریٹری تعلیم ندیم محبوب کی ہدایت پر تیار کیا گیا ہے۔

02

کی اور دونوں اسٹالوں پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت بند کروا دی تفصیلات کے مطابق روہڑی ریلوے اسٹیشن پر قائم اسٹالوں پر کھانے پینے کی اشیاء کے علاوہ غیر ضروری سامان کی فروخت کے حوالے سے اخبارات میں خبریں شائع ہوئی تھیں، جس کے بعد ریلوے حکام نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اسٹالوں کا جائزہ لیا اور اسٹال نمبر 8 اور 10 پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت روکنے کے احکامات جاری کیے ریلوے حکام کی جانب سے نوٹس لینے کے بعد دونوں اسٹالوں پر غیر ضروری سامان کی فروخت بند کروادی گئی، جسے مسافروں کی سہولت اور ریلوے اسٹیشن کے نظم وضبط کو بہتر بنانے کی جانب ایک اہم اقدام قرار دیا جا رہا ہے مسافروں نے ریلوے حکام کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ روہڑی ریلوے اسٹیشن پر قائم تمام اسٹالوں کی باقاعدگی سے جانچ پڑتال کی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی جاری رکھی جائے تاکہ اسٹیشن پر صرف مقررہ اور اجازت یافتہ اشیاء ہی فروخت ہوں اور مسافروں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

03

کی اعلیٰ عدالتوں کے درمیان ادارہ جاتی مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان اور صدر ترکیہ کورٹ آف کیسیشن نے یادداشت پر دستخط کیے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ پاکستان اور ترکیے کے تعلقات وقت کیساتھ مضبوط ہوئے ہیں، پاک ترکیہ عدالتی تعاون دونوں برادر ممالک کو قریب لائے گا، معاہدہ عدالتی تعاون کو نئی بلندیوں پر لے جائے گا۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے مزید کہا کہ قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں، پاکستان نیدعدالتی نظام میں اصلاحات متعارف کرائی ہیں، عدالتی نظام میں جدید ٹیکنالوجی کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ای کورٹس سے انصاف تک رسائی آسان ہوگی، معاہدہ دونوں ممالک کے عدالتی نظام کو جدید بنائے گا۔ ترکیہ کورٹ آف کیسیشن کے صدر عمر کریز نے کہا کہ پاکستان کیساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں، پاکستان کیساتھ تعلقات باہمی اعتماد اور مشترکہ اقدار پر استوار ہیں۔ عمر کریز نے کہا کہ قانون کی حکمرانی اور انصاف کی فراہمی کیلئے مشترکہ کوششیں ضروری ہیں، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عدالتی نظام موثر اور شفاف بنانا ضروری ہے۔

04

رفراہم کرنے کیلئے سب سے پہلے آواز اٹھائی۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان بھر کے باصلاحیت نوجوانوں کو برابری کی بنیاد پر مواقع فراہم کریں گے۔ بلوچستان کے نوجوانوں نے بھی روشن مستقبل اور ترقی کے بہترین مواقع فراہم کرنے پر وفاقی حکومت کے احسن اقدام کو بھرپور سراہا۔ بلوچستان کے نوجوانوں کا کہنا تھا کہ میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر بلوچستان کے نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے پر اعلیٰ سیاسی وعسکری قیادت کے مشکور ہیں۔ وفاقی حکومت نے بلوچستان میں نوجوانوں کو خودمختار بنانے اور باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے شاندار اقدامات کیے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں کے لیے 25 ہزار سے زائد ملازمتوں کے جامع پلان پر اعلیٰ سیاسی وعسکری قیادت سے اظہار تشکر کیا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے صوبائی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی جانب سے صدر مملکت، وزیراعظم اور عسکری قیادت کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ اعلیٰ عسکری قیادت نےبلوچستان کے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے سب سے پہلے آواز اٹھائی۔ بلوچستان بھر کے باصلاحیت نوجوانوں کو برابری کی بنیاد پر مواقع فراہم کریں گے۔ بلوچستان کے نوجوانوں نے بھی روشن مستقبل اور ترقی کے بہترین مواقع فراہم کرنے پر وفاقی حکومت کے احسن اقدام کو بھرپور سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر بلوچستان کے نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے پر اعلیٰ سیاسی وعسکری قیادت کے مشکور ہیں۔

05

اتھارٹی آف پاکستان کے تحت چوتھی بین الاقوامی فوڈ اے جی نمائش کے افتتاح کے موقع پر میڈیا ٹاک کرتے ہوئے وزیر تجارت نے کہا کہ مصدق ملک ایک کثیر جہتی انتظام کے تحت بھارت گئے ہیں، پاکستان کا واضح موقف کہ لاء اینڈ آرڈر اور سیکیورٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا لہذا پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارت سے اہم نیشنل سیکیورٹی کا معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جان بوجھ کر کسی ملک کے ساتھ تعلقات خراب نہیں کرتا، بھارت پہلے کشمیر کے معاملے پر بات کرے، پاکستان تجارت کے لیے تیار ہے۔ جام کمال نے کہا کہ انتظامی یونٹس کے قیام کے لیے پورے ملک میں بحث چل رہی ہے، سیاسی جماعتیں انتظامی یونٹس اور نئے صوبے بنانے پر اپنا اپنا موقف پیش کررہی ہیں، نئے صوبوں کے قیام پر وزیراعظم جو کہیں گے اس پر عمل کرنے کا پابند ہوں۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی دستیابی کا معاملہ صوبائی حکومتوں کا ہے، وفاق صوبائی حکومتوں کی ڈیمانڈ پر پاسکو سے گندم فراہم کرتا ہے، صوبائی حکومتیں گندم کے معاملے پر اعداد وشمار کا ازسرنو جائزہ لیں، صوبائی حکومتوں کے پاس گندم کے معاملے پر صحیح ڈیٹا موجود نہیں ہے۔ وزیر تجارت نے کہا کہ فوڈ ایگ پاکستان کی زرعی صلاحیت کو دنیا کو دکھانے کا ایک پلیٹ فارم ہے، یہ سال دنیا کے لئے چیلینجنگ رہا ہے، خیال تھا کہ عالمی حالات میں عالمی خریداروں کی حاضری کم ہوگی لیکن پاکستان کی فوڈ صلاحیت دیکھنے پہلے سے زیادہ لوگ آئے ہیں دنیا کے مختلف ممالک کے وزیر تجارت اور دیگر مہمان بھی آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پرائیوٹ سیکٹر کی نمائش ہے دنیا کے آٹھ مہینے میں فریٹ چارجز، انشورنس اور دیگر لاگت بڑھی ہیں، نمائش میں لوگوں کا دنیا سے آنا اس مقصد کی نشاندہی کرتی ہے کہ وہ تجارت کو بحال کرنا چاہتے ہیں۔ اس موقع پر یوگینڈا کی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کی فوڈ ایگ نمائش دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، ہمیں زرعی ویلیو ایڈیشن میں کام کرنا ہے، دو ممالک کے درمیان تجارت کے بیش بہا مواقع ہیں۔ فوڈ ایگ 2026ء کی افتتاحی تقریب میں وفاقی وصوبائی وزرا، سیاسی شخصیات اور سفارت کار بھی موجود تھے، نمائش میں 72 ممالک کے 820 بین الاقوامی مندوبین شریک ہیں اور 400 نمائش کنندگان اپنی مصنوعات پیش کررہے ہیں۔

06

یاتریوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا ہے کہ اپنے پیغام میں مریم نواز شریف نے کہا کہ سکھ برادری کے لیے پاکستان میں مقدس مذہبی مقامات کی زیارت کے لیے بہترین سہولیات فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ بابا گرونانک امن، محبت اور بھائی چارے کے علمبردار ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پاکستان آنے والے سکھ یاتری ہمارے مہمان ہیں اور ان کی مہمان نوازی اور سہولت کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سکھ یاتریوں کی آمد پر پرتپاک استقبال پاکستان کی مذہبی رواداری اور روایتی مہمان نوازی کا مظہر ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب حکومت تمام مذاہب کے پیروکاروں کو اپنی مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ مذہبی سیاحت کا فروغ پاکستان کا مثبت اور پرُامن تشخص دنیا بھر میں اجاگر کرنے کا ذریعہ ہے۔

07

کرنے جارہی ہے۔ سیاست دان نفرت اور تقسیم کی سیاست چھوڑ کر عوام کو ریلیف دینے کا سوچیں۔ ہمیں ملک میں ایسا نظام بنانا ہوگا جس پر حکومت اور اپوزیشن دونوں اعتماد کرسکیں تبھی ہم مشکل معاشی حالات کا مقابلہ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے حالات سے میں خود مایوس ہوں تو پاکستان کے نوجوانوں کی کیا حالت ہوگی، اگر کوئی ری سیٹ ہونا ہے تو وہ سیاسی ری سیٹ ہوگا، ہمیں اداروں پر اعتماد بحال کرنا ہوگا، ملک کا بچہ بچہ کرپشن سے نفرت کرتا ہے، اختلاف رائے ایک طرف رکھ کر عوام کا سوچنا ہوگا۔ نفرت کو پھیلائیں گے تو ہم کسی بحران کا مقابلہ نہیں کرسکیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 16 سے 29 سال عمر کے سندھ کے نوجوانوں کو یوتھ کارڈ دیے جائیں گے، ابتدا میں ایک لاکھ نوجوانوں کو یوتھ کارڈ جاری کیے جائیں گے۔ یہ کارڈ ویزہ کارڈ کی طرح ہوگا جو عالمی مالیاتی نظام سے منسلک ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک میں کوئی سب سے زیادہ تکلیف میں ہے تو وہ ہمارا نوجوان طبقہ جس کے پاس روزگار نہیں ہے، ہم محدود وسائل میں نوجوانوں کو مدد پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ نوجوانوں کو ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں سبسڈی دلوانے کی بھی کوشش کریں گے، اسکالرشپس سمیت تمام مالی فوائد نوجوانوں کو اسی کارڈ کے ذریعے پہنچائیں گے، پرائیویٹ سیکٹر سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ اس کارڈ پر نوجوانوں کیلئے سہولیات متعارف کرائیں۔

08

ہمیشہ ہوتے رہنا چاہیے، ہم چاہتے ہیں کہ کوئی سڑک بند نہ ہو، کوئی سیاسی جماعت اگر کوئی بات کرنا چاہ رہی ہے تو کرے، افہام وتفہیم کے ساتھ معاملہ آگے بڑھے۔ علی خورشیدی میرے بھائی ہیں، پڑھے لکھے آدمی ہیں، بس وہ غلط جگہ پھنس گئے ہیں، کمٹمنٹ یہ ہے کہ کام ہونا چاہیے، علی بھائی کی گلی بن گئی یہ اچھی بات ہے۔ مرتضیٰ وہاب کا کہنا تھا کہ سندھ کی یکجہتی کا دن صرف دسمبر میں نہیں منایا جاتا، ہم دوبارہ 12 مئی نہیں چاہتے، معاشی حالات کی بہتری کے لیے کام کرنے کی ضرورت ہے، نئی نسل کو امید دینے کی ضرورت ہے۔ وہ ضلع غربی اورنگی ٹاؤن میں زیڈ ایم سی فیملی پارک روڈ پر سیوریج سسٹم کی بحالی اور پیور بلاک لگانے کے منصوبے اور فقیر کالونی روڈ سے میٹرو ول روڈ براستہ مومن آباد اور عثمان روڈ کی بہتری و بحالی کے منصوبے کے افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔

09

کے شہریوں نے پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے نئے صوبوں کی حمایت کردی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس حوالے سے بات کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا تھا کہ بلوچستان جیسے بڑے رقبے کے صوبے کو چھوٹے انتظامی یونٹس میں تقسیم کرنا بہت ضروری ہے۔ شہریوں نے کہا کہ آبادی بڑھنے کے ساتھ نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے، اس سے لوگوں کو بنیادی سطح پر سہولیات ملیں گی۔ صوبہ بہاولپور بننے سے جنوبی پنجاب کے شہروں کے مسائل حل ہوسکیں گے۔ شہریوں کے مطابق نئے صوبے بننے سے سندھ کے نظرانداز علاقے بھی ترقی سے مستفید ہوں گے۔

10

اور ادارہ جاتی رابطوں کو مزید گہرا کرنے کا عزم ظاہر کیا۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے نئے اعلیٰ سطح کے تبادلوں، فوجی تعاون کو بڑھانے اور علاقائی و بین الاقوامی سلامتی کے مسائل پر مسلسل مکالمے کے ذریعے دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملائیشیا کی وزارت دفاع پہنچنے پر فیلڈ مارشل کو ایک تقریب میں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، چیف آف ڈیفنس فورسز ملائیشیا جنرل تان سری حاجی مالیک رزاق سلیمان اور ملائیشیا کی آرمی، رائل میرین اور رائل ایئر فورس کے سربراہان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملائیشین وزیر دفاع داتو سری محمد خالد بن نوردین سے بھی اہم ملاقات کی جس میں عسکری روابط بڑھانے اور مسلح افواج میں تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ملائیشیا کے نیشنل ڈیفنس اسٹڈیز سینٹر کا بھی دورہ کریں گے، خصوصی تقریب میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ادارے کے باوقار ''ہال آف فیم'' کے 21 ویں رکن کے طور پر شامل کیا جائے گا۔

11

۔ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ ریکارڈ کیا جارہا ہے، بالائی علاقوں میں یخ بستہ ہواؤں کے باعث صبح اور شام کے اوقات میں سردی کی شدت زیادہ محسوس کی جارہی ہے۔ اسکردو اور ملحقہ علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے 6 ڈگری نیچے جانے کے باعث درختوں اور پتوں پر جمنے والی برف نے موسم کو نمایاں کردیا ہے۔ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بھی سردی کی لہر برقرار ہے۔ کوئٹہ میں درجہ حرارت 3 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ قلات میں صفر ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت 6، ژوب میں 10، سبی میں 13 اور تربت میں 16 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں سرد اور خشک موسم کے باعث شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی جارہی ہے، جبکہ سردی سے متاثرہ افراد کو بھی مشکلات کا سامنا ہے۔

12

لانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے اثرات سب سے زیادہ پاکستان نے برداشت کیے ہیں، جبکہ پورا خطہ اس سنگین مسئلے سے متاثر ہے۔ اس چیلنج سے نمٹنے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے تمام ممالک کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایک دوسرے پر الزامات عائد کرنے اور اشتعال انگیز بیانات دینے سے مسائل حل نہیں ہوسکتے۔ پاکستان متعدد مرتبہ بھارت سے دہشت گردی کے حوالے سے ٹھوس ثبوت فراہم کرنے کا مطالبہ کرچکا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے پاس بھی دہشت گردی سے متعلق شواہد موجود ہیں، جن کا تبادلہ دونوں ممالک باہمی رابطے کے ذریعے یا کسی موزوں فورم پر کرسکتے ہیں۔ مصدق ملک کا دوٹوک انداز میں کہنا تھا کہ دہشت گردی کے معاملے پر گفتگو حقائق اور شواہد کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔

13

سے انجام دیے۔ چائنا آسٹرونوٹ ریسرچ اینڈ ٹریننگ سینٹر کی عہدیدار ژولو نے بتایا کہ اس مشترکہ مشق میں تینوں خلا باز پرُعزم تھے اور انہوں نے تمام آپریشنز بالکل درست طریقے سے انجام دیے، تمام تر تربیت مکمل کرنے کے بعد ایک پاکستانی خلا باز چین کے شین ژو-24 خلائی جہاز کے ذریعے خلا میں جائے گا۔ پاک چین لازوال دوستی اب زمین کی حدوں سے نکل کر خلا کی وسعتوں کو چھو رہی ہے۔

14

زلزلے کے جھٹکے آج صبح 8 بج کر 48 منٹ پر محسوس کیے گئے۔ متاثرہ علاقوں میں لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ فوری طور پر کسی جانی ومالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

15

سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دومڑ نے کہا کہ زیارت، ہرنائی اور سنجاوی میں امن وامان کا قیام، عوام کا تحفظ اور خوشحالی حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، جن کے لیے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان موثر رابطہ اور باہمی تعاون ناگزیر ہے ملاقات میں ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی، ایس پی زیارت عبدالمالک درانی، اسسٹنٹ کمشنر زیارت شیر شاہد غلزئی، فوکل پرسن ہرنائی حاجی باز محمد دومڑ اور دیگر قبائلی وسیاسی شخصیات بھی موجود تھیں۔

16

کے دوران بی واسا کی جانب سے عدالت کو بتایا گیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے بعض علاقوں میں نجی ٹیوب ویلوں سے پانی کی فراہمی کے لیے استعمال ہونے والی بی واسا کی تقریباً 80 فیصد پائپ لائنیں منقطع کی جاچکی ہیں، تاہم باقی علاقوں کے لیے جامع سروے کی ضرورت ہے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ کی رپورٹ کے مطابق 295 ٹیوب ویلوں میں سے صرف 68 کے پاس این او سی موجود ہے جبکہ 227 ٹیوب ویل بغیر این او سی کام کررہے ہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ مذکورہ رپورٹ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں قائم ٹیوب ویلوں کی مجموعی تعداد اور ان کی قانونی حیثیت سے متعلق مکمل معلومات فراہم نہیں کرتی، لہٰذا اسے غیر حتمی قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ عدالت نے سیکرٹری پی ایچ ای کی سربراہی میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں سے متعلق تشکیل دی گئی کمیٹی کی رپورٹ اور 5 نومبر 2026 کے اجلاس کے منٹس کو بھی غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا اور سیکرٹری پی ایچ ای کو ہدایت کی کہ ایک مؤثر ٹیم تشکیل دے کر کوئٹہ شہر اور گردونواح میں تمام ٹیوب ویلوں کا ازسرنو جامع سروے کیا جائے اور غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی مکمل تفصیلات پیش کی جائیں۔ عدالت نے سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں اور ان میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی سے متعلق درخواست بھی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ اور ویسٹ کو بھجواتے ہوئے معاملے کی انکوائری اور آئندہ سماعت پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ دوران سماعت بی واسا کے حکام نے بتایا کہ خرخسہ ڈیم کے اطراف نو ٹیوب ویل فعال ہیں، جن سے ہزارہ ٹاؤن کے مشرقی اور مغربی علاقوں کو متبادل دنوں میں پانی فراہم کیا جارہا ہے، جبکہ سجاول آباد کے چار ٹیوب ویلوں سے پانی ہزارہ ٹاؤن قبرستان کے تین لاکھ گیلن گنجائش والے ذخیرے سمیت دیگر آبی ذخائر تک پہنچانے کے انتظامات کیے جارہے ہیں۔ حکام کے مطابق اختر آباد ڈیم کے قریب پانچ ٹیوب ویل بجلی، پائپ لائنوں اور دیگر ضروری تعمیراتی کاموں کی عدم تکمیل کے باعث تاحال فعال نہیں ہوسکے۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے سات بلاکس کو پانی فراہم کیا جارہا ہے، تاہم فراہمی غیر باقاعدہ اور انتہائی محدود ہے۔ عدالت نے بی واسا کے متعلقہ انجینئر کو ہدایت کی کہ پانی کی ترسیل کے لیے پرانی اور خستہ حال پائپ لائنوں کی فوری مرمت اور تبدیلی سمیت ضروری کام بلاتاخیر مکمل کیے جائیں اور اس ضمن میں آئندہ سماعت پر پیش رفت رپورٹ جمع کرائی جائے۔ عدالت نے سیکرٹری پی ایچ ای کو کوئٹہ شہر اور گردونواح میں پانی کی فراہمی کے مستقبل کے حوالے سے جامع منصوبہ بندی پر مبنی رپورٹ بھی پیش کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے حکم کی نقل ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کے دفتر کو بھجوانے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 23 دسمبر 2026 تک ملتوی کردی۔

17

گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کا خاتمہ، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی اور علاقے کو دہشت گرد عناصر سے پاک کرنا قابل تحسین کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیاں امن وامان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کیخلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی اتحاد، یکجہتی اور مستقل عزم ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے۔

18

کیلئے کئے گئے اقدامات سے متعلق آگاہ کیا گیا، کہا پاکستان کے عوام کی منشا کے مطابق تمام تر فیصلے کرنا وقت کا اولین تقاضا ہے۔ وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چودھری سالک حسین اور صوبائی وزیر صنعت چودھری شافع حسین بھی ملاقات میں موجود تھے۔

19

کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حسین نقی کے انتقال سے صحافت ایک بااصول، کہنہ مشق اور توانا آواز سے محروم ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم حسین نقی نے آزادی اظہار اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں، جن کی صحافتی خدمات اور اصولی موقف ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

20

کے طریقوں پر گفتگو کی۔ ٹیلی فونک گفتگو کے دوران علاقائی پیش رفت پر مشاورت جاری رکھنے کے لیے مستقبل قریب میں آر فور (R4) ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس بلانے کے امکان پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

21

خدمات کے نظام کو مزید موثر بنانے کے لئے کوئٹہ میں پبلک سروس ڈیمکلز مینجمنٹ انفورمیشن سسٹم (PSVMIS) یونٹ کا باقاعدہ افتتاح کردیا۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب کے دوران ڈپٹی انسپکٹر جنرل نے پبلک سروس ڈیمکلز مینجمنٹ انفورمیشن سسٹم کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اس اقدام کا مقصد شہریوں اور مسافروں کو متعلقہ سہولیات کی فراہمی، خدمات کے نظام کو مزید موثر بنانے اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے انتظامی امور میں بہتری لانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید سہولیات اور ٹیکنالوجی کا استعمال اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے، عوام کو سہولت فراہم کرنے اور خدمات کی فراہمی میں شفافیت وموثریت کے لیے اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس عوام کو بہترین خدمات فراہم کرنے، روڈ سیفٹی کے فروغ اور مسافروں کی سہولت کے لیے مسلسل اقدامات کررہی ہے جبکہ نئے سہولت سسٹم کا قیام ادارے کی عوام دوست پالیسی اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ وہ پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے انجام دیتے ہوئے عوام کو سہولیات کی فراہمی، رہنمائی اور خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔

22

عزیز اللہ ذاکری، حاجی محمد نور اخونزادہ، مولانا شمس اللہ، مولوی رحمت اللہ حقانی، مولوی محمد جیلانی، مولانا نعمت اللہ اور حاجی نیاز محمد کاکڑ سمیت دیگر رہنماں نے آئینی عدالت اسلام آباد کی جانب سے بلوچستان کے ممتاز قانون دان سید نذیر آغا ایڈووکیٹ کی اپیل پر سوئی سدرن گیس کمپنی سے متعلق مقدمہ بلوچستان ہائی کورٹ منتقل کرنے اور چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کو ایک ماہ کے اندر فیصلہ کرنے کی ہدایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ رہنماں نے سید نذیر آغا ایڈووکیٹ کی جانب سے عوامی مفاد میں بلا معاوضہ کئی سال سے قانونی خدمات انجام دینے کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ سے مطالبہ کیا کہ شدید سردی کے پیش نظر کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں موسم سرما کے دوران گیس لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سردی کی شدت میں اضافے کے باوجود گیس کی لوڈشیڈنگ جاری ہے، جبکہ دوسری جانب کیسکو نے بھی کوئٹہ اور گردونواح کے متعدد علاقوں میں بجلی کی بندش میں اضافہ کردیا ہے۔ ہر دو گھنٹے بعد ایک سے دو گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ عوام کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن رہی ہے۔

23

ہیں۔ انہوں نے امریکا پر الزام عائد کیا کہ وہ دوسرے فریق کے حقوق کو تسلیم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سفارت کاری اسی وقت مؤثر ہوسکتی ہے جب مذاکرات میں دونوں جانب کے موقف کو منصفانہ انداز میں سنا اور سمجھا جائے۔ اسماعیل بقائی نے بالخصوص پاکستان کی ثالثی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور قطر دونوں صورت حال پر فکرمند ہیں اور تنازع کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کررہے ہیں۔ ایرانی ترجمان کے مطابق ثالث کسی بھی صورت حال میں اپنی کوششیں اور خیر سگالی پر مبنی سفارتی کردار جاری رکھتے ہیں۔ ان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطیٰ میں جنگ کے خاتمے اور کشیدگی کم کرنے کے لیے سفارتی رابطوں کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔

24

کا آئین کوئی آسمانی صحیفہ نہیں۔ آئین پاکستان کی خود ساختہ چیمپئن پیپلز پارٹی اپنے بانی ذوالفقار علی بھٹو کے آئین میں 27 ترامیم کروا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد وفاق بجٹ کے پہلے دن ہی مالی طور پر لاچار ہوجاتا ہے، جبکہ چاروں طاقتور اور بااختیار صوبے ہزاروں ارب روپے سالانہ وصول کرنے کے باوجود اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے سے گریزاں ہیں۔ 16 سال میں وفاق سے 22 ہزار ارب روپے ملنے کے باوجود کراچی سے کشمور تک دھول اڑ رہی ہے۔ مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ اندرون سندھ سینکڑوں ماں کی بیٹیاں اغوا ہوجاتی ہیں اور معصوم بچے ایڈز میں مبتلا ہو رہے ہیں، لیکن کوئی پرسان حال نہیں۔ روزانہ کھلے مین ہولز میں گرنے، ڈمپروں کے نیچے آنے اور موبائل فون چھننے کے واقعات میں قوم کے بچے موت کے منہ میں جا رہے ہیں، لیکن کسی کی غیرت نہیں جاگتی اور نہ کوئی ریلی نکالی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کی جدوجہد آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے پرامن اور ہوش مندی سے جاری ہے۔ جو خود کانٹا چبھنے کی تکلیف برداشت نہیں کرسکتے، وہ نئے صوبوں کے قیام پر سندھ کے شہری علاقوں کو خون میں نہلانے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بڑی جدوجہد اور قربانیوں کے بعد پاکستان کے معاشی حب کراچی کو را کے تسلط سے آزاد کروایا ہے، اب دوبارہ بھائی کو بھائی سے نہیں لڑنے دیں گے۔ ہمارے ہوتے ہوئے لسانی بنیادوں پر شہری سندھ میں خون خرابہ کروانے کے خواہش مندوں کو شدید مایوسی کا سامنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں لسانی تفریق کی بنیاد پر خون خرابے کے ذریعے اصل مسائل سے توجہ ہٹائی جاتی تھی، جبکہ آج تمام زبانیں بولنے والے مشترکہ حقوق کے حصول کے لیے ایم کیو ایم پاکستان کے پرچم تلے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں۔ تمام زبانیں بولنے والوں، خصوصا سندھی بھائی بہنوں کی جان، مال، عزت اور آبرو کا تحفظ ہم پر واجب ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کراچی تیار ہے، ظلم کا خاتمہ ہوگا اور مظلوم عوام کے لیے راحت کا دور شروع ہونے والا ہے۔ ان شااللہ اگلے سال سے پاکستان کی حقیقی آزادی کے دائمی عہد کا آغاز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک تاریخی موقع ہے، پاکستان میں نئے صوبے بنا کر عوام کو ظالم، نااہل اور کرپٹ حکمرانوں کے چنگل سے نکالنے والوں کو تاریخ یاد رکھے گی۔

25

میں انٹرویو کا طریقہ کار قابل افسوس اور قابل مذمت ہے ، کیسکو کی 2798 کی ملازمتوں کے بعد NHA موٹروے پولیس کی آسامیوں میں بھی جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع کو نظر انداز کیا گیا۔ پشتون بلوچ دوقومی صوبے میں ایک بار پھر موٹروے پولیس میں پشتون اضلاع کو نظر انداز کرتے ہوئے بدترین پشتون دشمنی پر مبنی اقدام اٹھایا گیا ہے۔ جس کی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور متنبہ کرتی ہے کہ اس طرح پشتون دشمن طرز عمل کے خلاف سخت عوامی احتجاج کی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ مسلط نااہل عوام اور پشتون دشمن حکومت کے خلاف عوام کو منظم ہوکر احتجاج کرنا ہوگا اور اپنے حقوق کے لیے باہر نکلنا ہوگا۔ 2 دسمبر کو خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53 ویں برسی کے جلسہ عام میں عوام سے شرکت کی اپیل کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خان شہید کی برسی کے جلسہ عام کی تیاری کے سلسلے میں کوئٹہ سٹی تحصیل کے پشتون آباد اول، پشتون آباد دوئم، بالا بند پشتون درہ علاقائی کمیٹی اجلاس، انجمن وطن علاقائی کمیٹی اجلاس، صادق شہید علاقائی یونٹ، اڈہ سرکی پشتون آباد، آریانہ افغان علاقائی کمیٹی اجلاس، ورو پشتون علاقائی کمیٹی کے علیحدہ علیحدہ اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

26

کے لیے منعقدہ رسم فاتحہ خوانی وقل خوانی میں شرکت کی۔ تقریب اتوار کو مرحوم کی رہائش گاہ المصطفیٰ ہاؤس میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں رکن قومی اسمبلی سید علی قاسم گیلانی، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب ورکن پنجاب اسمبلی سید علی حیدر گیلانی، مرحوم کے صاحبزادے سید کبیر گیلانی، خاندان کے افراد، سیاسی وسماجی شخصیات اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر علامہ مظہر سعید کاظمی نے مرحوم کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کرائی، جبکہ معروف ثناخواں حمید نواز، وحید نواز اور سعید نواز نے بارگاہ رسالتؐ میں نذرانہ عقیدت پیش کیا۔

27

پلیٹ فارم ایکس پر اپنے فارسی اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ میں لکھا کہ امریکی فوجی دستے اس ناکہ بندی پر عمل درآمد جاری رکھے ہوئے ہیں، جس کے ذریعے پاسداران انقلاب کو خام تیل کی برآمدات سے اربوں ڈالر حاصل کرنے سے روکا جا رہا ہے۔ ایرانی بندرگاہوں کی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور تیل سے متعلق پابندیوں کو اٹھایا جانا، امریکہ کے ساتھ جنگ کے خاتمے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے حوالے سے جاری مذاکرات میں تہران کے اہم مطالبات میں شامل ہیں۔

28

ہمارے پاس غلطی کی گنجائش نہیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ مولانا کے شہداء اور ریاست کے حوالے سے ایشوز پر اعتراض تھا، پی ٹی آئی والے پہلے مولانا کے بارے میں کیا کہتے تھے، معافی تو مانگ لیں، گورنر راج لگانے میں سب سے بڑا ہاتھ تحریک انصاف کا ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبہ ہمارے ہاتھ سے نکل رہا تھا، جب چیزیں ٹھیک ہوں گی تو گورنر راج بھی ختم ہوجائے گا۔

29

دوران دوطرفہ تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، دفاع اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوگا، وزیراعظم روسی صدر پیوٹن کو آئندہ سال پاکستان کے دورے کی دعوت دیں گے۔ پاکستان اور روس کے درمیان تجارتی و اقتصادی تعاون بڑھانے پر بات ہوگی، توانائی، تیل وگیس، صنعتی ترقی اور پاکستان اسٹیل ملز کی بحالی کے امور زیرغور آئیں گے۔ دونوں ممالک کے درمیان بینکاری اور تجارتی ادائیگیوں کے مسائل حل کرنے پر بھی بات چیت متوقع ہے۔ وزیراعظم روسی دورے کے بعد ایران جائیں گے، وزیراعظم 3 دسمبر سے شروع ہونے والے 18 ویں ای سی او سربراہی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

30

اپنی ذمہ داریوں پر عمل کرے اور اپنے جوہری پروگرام کے پرامن مقاصد کو یقینی بنانے کے لئے ایجنسی کے ساتھ مکمل تعاون دوبارہ شروع کرے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق دونوں ممالک نے تجارتی جہازوں کے خلاف حملوں اور دھمکیوں کی مذمت بھی کی اور ایسے کسی بھی اقدام کی مخالفت کا اظہار کیا جو آبنائے ہرمز کی بندش یا جہاز رانی کی آزادی میں رکاوٹ کا باعث بنے۔ قطر اور جرمنی نے اس بات پر زور دیا کہ ایران کو جوہری ہتھیار نہ تو تیار کرنے چاہییں اور نہ ہی حاصل کرنے چاہییں، دونوں ممالک نے خطے میں بیلسٹک میزائلوں کے استعمال سے پیدا ہونے والے خطرات کے خاتمے کا مطالبہ کیا۔ دونوں ممالک نے ایران سے یمن میں حوثیوں کو اسلحہ اور دیگر حمایت فراہم کرنا بھی بند کرنے کا مطالبہ کیا۔

31

کا شکار ہوگئی۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق ٹریفک حادثے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ چھ افراد زخمی ہوگئے۔

32

کی اعلیٰ عدالتوں کے درمیان ادارہ جاتی مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان اور صدر ترکیہ کورٹ آف کیسیشن نے یادداشت پر دستخط کیے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ پاکستان اور ترکیے کے تعلقات وقت کیساتھ مضبوط ہوئے ہیں، پاک ترکیہ عدالتی تعاون دونوں برادر ممالک کو قریب لائے گا، معاہدہ عدالتی تعاون کو نئی بلندیوں پر لے جائے گا۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے مزید کہا کہ قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں، پاکستان نیدعدالتی نظام میں اصلاحات متعارف کرائی ہیں، عدالتی نظام میں جدید ٹیکنالوجی کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ای کورٹس سے انصاف تک رسائی آسان ہوگی، معاہدہ دونوں ممالک کے عدالتی نظام کو جدید بنائے گا۔ ترکیہ کورٹ آف کیسیشن کے صدر عمر کریز نے کہا کہ پاکستان کیساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں، پاکستان کیساتھ تعلقات باہمی اعتماد اور مشترکہ اقدار پر استوار ہیں۔ عمر کریز نے کہا کہ قانون کی حکمرانی اور انصاف کی فراہمی کیلئے مشترکہ کوششیں ضروری ہیں، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عدالتی نظام موثر اور شفاف بنانا ضروری ہے۔

33

اسناد کی تصدیق کا آن لائن نظام شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس کے تحت اسناد کی تصدیق گھر بیٹھے ہوگی، آئی بی سی سی دفاتر جانے اور کوریئر سے دستاویزات بھیجنے کی ضرورت ختم ہو جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق تعلیمی اسناد کی تصدیق میں بڑی تبدیلی آئی ہے، آئی بی سی سی نے فیصلہ کیا ہیکہ اس سسٹم کو آن لائن کردیا جائے گا، اسناد کی تصدیق گھر بیٹھے ہوگی، آئی بی سی سی دفاتر جانے اور کوریئر سے دستاویزات بھیجنے کی ضرورت بھی ختم ہوجائے گی اور درخواست سے تصدیق شدہ سند کے اجرا تک تمام مراحل آئی بی سی سی پورٹل پر مکمل ہوں گے۔ آئی بی سی سی کے مطابق طلبہ تصدیق شدہ اسناد اپنے پورٹل اکاؤنٹ سے ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کرسکیں گے، ایک بار تصدیق، ضرورت کے مطابق پرنٹ ہونے کی صورت میں اسی سند کی ہر اضافی نقل پر الگ تصدیقی فیس نہیں ہوگی۔ مکمل آن لائن تصدیق کا فیصلہ ڈاکٹر غلام علی ملاح کی زیر صدارت آئی بی سی سی بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں کیا گیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر آئی بی سی سی ڈاکٹر غلام علی ملاح کے مطابق ملک بھر کے 29 امتحانی بورڈز اور دینی مدارس کی اہل اسناد کے لیے آن لائن سہولت دستیاب ہوگی، نئی سہولت سے چار سے پانچ لاکھ طلبہ کو فائدہ ہوگا، سفری اخراجات اور انتظار کا وقت بچے گا، اسناد کی تصدیق کا نیا نظام وفاقی سیکریٹری تعلیم ندیم محبوب کی ہدایت پر تیار کیا گیا ہے۔

34

ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب امارات میں 96 فیصد شہریوں اور رہائشیوں نے کہا کہ وہ رات کے وقت اپنے علاقے میں تنہا پیدل چلنے کو محفوظ سمجھتے ہیں، اماراتی شہریوں میں یہ شرح 98 فیصد جبکہ غیر ملکی رہائشیوں میں 96 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ مردوں اور خواتین دونوں میں بھی تحفظ کا احساس 96 فیصد رہا۔ گیلپ کے مطابق متحدہ عرب امارات نے 2020 کے بعد پہلی مرتبہ عالمی درجہ بندی میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے، 2024 کے مقابلے میں ملک کی شرح میں 6 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہوا جو عوامی تحفظ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ رپورٹ میں سعودی عرب 95 فیصد کے ساتھ تیسرے، تاجکستان اور کویت 93 فیصد کے ساتھ چوتھے اور بحرین 92 فیصد کے ساتھ چھٹے نمبر پر رہے۔ ہانگ کانگ، ایل سلواڈور، سوئٹزرلینڈ اور ناروے بھی 90 فیصد شرح کے ساتھ دنیا کے دس محفوظ ترین ممالک میں شامل ہیں۔ خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے چار ممالک متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، کویت اور بحرین دنیا کے دس محفوظ ترین ممالک میں جگہ بنانے میں کامیاب ہوئے۔

35

رفراہم کرنے کیلئے سب سے پہلے آواز اٹھائی۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان بھر کے باصلاحیت نوجوانوں کو برابری کی بنیاد پر مواقع فراہم کریں گے۔ بلوچستان کے نوجوانوں نے بھی روشن مستقبل اور ترقی کے بہترین مواقع فراہم کرنے پر وفاقی حکومت کے احسن اقدام کو بھرپور سراہا۔ بلوچستان کے نوجوانوں کا کہنا تھا کہ میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر بلوچستان کے نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے پر اعلیٰ سیاسی وعسکری قیادت کے مشکور ہیں۔ وفاقی حکومت نے بلوچستان میں نوجوانوں کو خودمختار بنانے اور باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے شاندار اقدامات کیے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں کے لیے 25 ہزار سے زائد ملازمتوں کے جامع پلان پر اعلیٰ سیاسی وعسکری قیادت سے اظہار تشکر کیا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے صوبائی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی جانب سے صدر مملکت، وزیراعظم اور عسکری قیادت کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ اعلیٰ عسکری قیادت نےبلوچستان کے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے سب سے پہلے آواز اٹھائی۔ بلوچستان بھر کے باصلاحیت نوجوانوں کو برابری کی بنیاد پر مواقع فراہم کریں گے۔ بلوچستان کے نوجوانوں نے بھی روشن مستقبل اور ترقی کے بہترین مواقع فراہم کرنے پر وفاقی حکومت کے احسن اقدام کو بھرپور سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر بلوچستان کے نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے پر اعلیٰ سیاسی وعسکری قیادت کے مشکور ہیں۔

36

اتھارٹی آف پاکستان کے تحت چوتھی بین الاقوامی فوڈ اے جی نمائش کے افتتاح کے موقع پر میڈیا ٹاک کرتے ہوئے وزیر تجارت نے کہا کہ مصدق ملک ایک کثیر جہتی انتظام کے تحت بھارت گئے ہیں، پاکستان کا واضح موقف کہ لاء اینڈ آرڈر اور سیکیورٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا لہذا پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارت سے اہم نیشنل سیکیورٹی کا معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جان بوجھ کر کسی ملک کے ساتھ تعلقات خراب نہیں کرتا، بھارت پہلے کشمیر کے معاملے پر بات کرے، پاکستان تجارت کے لیے تیار ہے۔ جام کمال نے کہا کہ انتظامی یونٹس کے قیام کے لیے پورے ملک میں بحث چل رہی ہے، سیاسی جماعتیں انتظامی یونٹس اور نئے صوبے بنانے پر اپنا اپنا موقف پیش کررہی ہیں، نئے صوبوں کے قیام پر وزیراعظم جو کہیں گے اس پر عمل کرنے کا پابند ہوں۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی دستیابی کا معاملہ صوبائی حکومتوں کا ہے، وفاق صوبائی حکومتوں کی ڈیمانڈ پر پاسکو سے گندم فراہم کرتا ہے، صوبائی حکومتیں گندم کے معاملے پر اعداد وشمار کا ازسرنو جائزہ لیں، صوبائی حکومتوں کے پاس گندم کے معاملے پر صحیح ڈیٹا موجود نہیں ہے۔ وزیر تجارت نے کہا کہ فوڈ ایگ پاکستان کی زرعی صلاحیت کو دنیا کو دکھانے کا ایک پلیٹ فارم ہے، یہ سال دنیا کے لئے چیلینجنگ رہا ہے، خیال تھا کہ عالمی حالات میں عالمی خریداروں کی حاضری کم ہوگی لیکن پاکستان کی فوڈ صلاحیت دیکھنے پہلے سے زیادہ لوگ آئے ہیں دنیا کے مختلف ممالک کے وزیر تجارت اور دیگر مہمان بھی آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پرائیوٹ سیکٹر کی نمائش ہے دنیا کے آٹھ مہینے میں فریٹ چارجز، انشورنس اور دیگر لاگت بڑھی ہیں، نمائش میں لوگوں کا دنیا سے آنا اس مقصد کی نشاندہی کرتی ہے کہ وہ تجارت کو بحال کرنا چاہتے ہیں۔ اس موقع پر یوگینڈا کی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کی فوڈ ایگ نمائش دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، ہمیں زرعی ویلیو ایڈیشن میں کام کرنا ہے، دو ممالک کے درمیان تجارت کے بیش بہا مواقع ہیں۔ فوڈ ایگ 2026ء کی افتتاحی تقریب میں وفاقی وصوبائی وزرا، سیاسی شخصیات اور سفارت کار بھی موجود تھے، نمائش میں 72 ممالک کے 820 بین الاقوامی مندوبین شریک ہیں اور 400 نمائش کنندگان اپنی مصنوعات پیش کررہے ہیں۔

37

یاتریوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا ہے کہ اپنے پیغام میں مریم نواز شریف نے کہا کہ سکھ برادری کے لیے پاکستان میں مقدس مذہبی مقامات کی زیارت کے لیے بہترین سہولیات فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ بابا گرونانک امن، محبت اور بھائی چارے کے علمبردار ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پاکستان آنے والے سکھ یاتری ہمارے مہمان ہیں اور ان کی مہمان نوازی اور سہولت کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سکھ یاتریوں کی آمد پر پرتپاک استقبال پاکستان کی مذہبی رواداری اور روایتی مہمان نوازی کا مظہر ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب حکومت تمام مذاہب کے پیروکاروں کو اپنی مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ مذہبی سیاحت کا فروغ پاکستان کا مثبت اور پرُامن تشخص دنیا بھر میں اجاگر کرنے کا ذریعہ ہے۔

38

کرنے جارہی ہے۔ سیاست دان نفرت اور تقسیم کی سیاست چھوڑ کر عوام کو ریلیف دینے کا سوچیں۔ ہمیں ملک میں ایسا نظام بنانا ہوگا جس پر حکومت اور اپوزیشن دونوں اعتماد کرسکیں تبھی ہم مشکل معاشی حالات کا مقابلہ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے حالات سے میں خود مایوس ہوں تو پاکستان کے نوجوانوں کی کیا حالت ہوگی، اگر کوئی ری سیٹ ہونا ہے تو وہ سیاسی ری سیٹ ہوگا، ہمیں اداروں پر اعتماد بحال کرنا ہوگا، ملک کا بچہ بچہ کرپشن سے نفرت کرتا ہے، اختلاف رائے ایک طرف رکھ کر عوام کا سوچنا ہوگا۔ نفرت کو پھیلائیں گے تو ہم کسی بحران کا مقابلہ نہیں کرسکیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 16 سے 29 سال عمر کے سندھ کے نوجوانوں کو یوتھ کارڈ دیے جائیں گے، ابتدا میں ایک لاکھ نوجوانوں کو یوتھ کارڈ جاری کیے جائیں گے۔ یہ کارڈ ویزہ کارڈ کی طرح ہوگا جو عالمی مالیاتی نظام سے منسلک ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک میں کوئی سب سے زیادہ تکلیف میں ہے تو وہ ہمارا نوجوان طبقہ جس کے پاس روزگار نہیں ہے، ہم محدود وسائل میں نوجوانوں کو مدد پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ نوجوانوں کو ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں سبسڈی دلوانے کی بھی کوشش کریں گے،

پاکستان کا مثبت امیج

ازقلم/// غلام رسول بلوچ

پاکستان ایک خوبصورت ملک ہے پاکستانی قوم نے اپنے ملک کے لیے بہت قربانیاں دی ہیں۔

پاکستان کے خلاف دشمن قوتیں پروپیگنڈہ کر کے ملک کا منفی امیج پیش کرنے کی کوشش کرتی ہیں

دہشت گردی ایک ناسور ہے جس کے خلاف پاکستان گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے سے ایک مشکل اور طویل جنگ لڑ رہا ہے اور اس جنگ میں پاکستانی قوم کے ساتھ ساتھ افواج پاکستان اور دیگر سیکورٹی اداروں کی ملک کی بقاء و سلامتی کے لیے بیشمار قربانیاں اور شہادتیں ہیں جو قابل تحسین اور قابل تکریم ہیں۔

لیکن بھارت اور اس کے ہمنوا ممالک پاکستان کو ایک دہشتگرد ریاست کے طور پر پیش کرنے کے لیے اپنے پروپیگنڈے اور بیانیے ترتیب دیتے رہتے ہیں جو سراسر جھوٹ اور پاکستان کے مثبت امیج کو نقصان پہنچانے کے برابر ہے۔

بھارت دہشت گردی کو بطور ریاستی پالیسی استعمال کرتا آیا ہے جس کی مثال پاکستان میں دہشت گرد تنظیموں کی فنڈنگ اور بھرپور معاونت ہے تاکہ پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کیا جاسکے۔

بھارت اپنے ملک یا مقبوضہ کشمیر میں فالس فلیگ آپریشن کروا کر پاکستان پر دہشت گردی کے الزامات لگا کر جارحیت کے لیے دوڑ پڑتا ہے لیکن پاکستان نے کبھی بھی ایسا کچھ نہیں کیا۔

بھارت نے کینیڈا سے لیکر امریکہ تک ریاستی دہشت گردی کی ہے اور اپنے مخالفین کو ٹارگٹ کیا ہے۔ جو اس کی ریاستی دہشت گردی کا کھلا ثبوت ہے۔

پاکستان خطے اور ملک کے امن کے لیے بھرپور کوششیں کر رہا ہے پاکستان کا کردار ایک ذمہ دار ملک کا ہے لیکن بھارت پاکستان کی داخلی سلامتی میں انتشار اور فساد پیدا کرنے کے لیے اچھی اور گھٹیا حرکتوں پر اتر آتا ہے۔

پاکستانی قوم دشمن قوتوں کے جھوٹے بیانیوں اور پروپیگنڈوں میں نہ آئے۔ پاکستان کے مثبت امیج کو دنیا بھر میں اجاگر کرے۔

پاکستان کا مثبت امیج یہ ہے کہ پاکستان میں ہر ایک کو مذہبی اور قومی آزادی حاصل ہے۔ یہاں کاروبار اور سیاحت کے لیے بھی بہترین مواقع موجود ہیں۔

ملک میں امن وامان کا قیام قوم کے تعاون سے مضبوط ہوگا اگر ملک میں امن ہوگا تو ملکی معیشت بھی مضبوط ہوگی

سیاسی و جمہوری قوتوں کو متحرک کردار ادا کر کے پاکستان کو درپیش چیلنجز اور بحرانوں کا مقابلہ کرنا ہوگا۔

پاکستان کی تہذیب پاکستان کی روایات اور اخلاقی اقدار دوسری قوموں کے لیے ایک مثال ہیں جن روایات کی پاسداری کر کے ہم ایک مضبوط قوم کے طور پر ابھر کر سامنے آسکتے ہیں۔

ملک کی خوبصورتی اور دلکش نظارے اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ہیں ان کی قدر کریں اور ان سے فائیدہ اٹھا کر دشمن پروپیگنڈوں کو ناکام بنایا جائے۔

پاکستان کا مثبت امیج اجاگر کرنے کے لیے قوم اپنا کردار عملی طور پر ادا کرے۔

دہشت گردی اور بدامنی پاکستان پر مسلط کی گئی ہے جس کا مقابلہ یہ قوم اور اسکے قومی سلامتی کے ادارے کر رہے ہیں۔

تفریحی مقامات اور کھیل کے میدان آباد ہونا اور غیرملکیوں کا پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی لینا پاکستان کے مثبت امیج کی نشانی ہے۔ قوم اپنے ملک کے حقیقی خوبصورتی کو اجاگر کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کرے

اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی وناصر ہو آمین

(01)

طویل المدتی معاہدہ چاہتا ہے جو مستقبل میں آنے والا کوئی امریکی صدر بھی ختم نہ کر سکے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ مذاکرات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی حکام معاہدے کے خواہاں ہیں لیکن وہ ایسا سمجھوتا نہیں چاہتے جو کچھ عرصے بعد ختم ہو جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ ایک پائیدار معاہدہ چاہتے ہیں جو طویل عرصے تک برقرار رہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ وہ ایسا معاہدہ چاہتے ہیں جو مستقبل میں آنے والے کسی کمزور یا غیر موثر امریکی صدر کے دور میں بھی برقرار رہے۔ انہوں نے ممکنہ آئندہ صدر پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر امریکا میں کوئی احمق، برا یا کمزور صدر منتخب ہو جائے تو بھی ایران کے ساتھ طے پانے والا معاہدہ اس کے فیصلوں سے بالاتر ہونا چاہیے۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ان کی انتظامیہ ایران کے ساتھ مذاکرات کر رہی ہے، تاہم امریکا کا مقصد محض عارضی مفاہمت کے بجائے ایسا مضبوط اور دیرپا سمجھوتا کرنا ہے جو مستقبل کی امریکی قیادت کی تبدیلی سے متاثر نہ ہو۔

(02)

قابض طالبان رجیم کیخلاف ایک نئی موثر اور منظم مسلح مزاحمتی قوت کے طور پر ابھر کر سامنے آ گیا۔ معروف عالمی جریدے دی ڈپلومیٹ کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے اگست میں طالبان رجیم کیخلاف آپریشن محارب شروع کیا۔ دی ڈپلومیٹ کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے طالبان کے روایتی مضبوط گڑھوں قندھار اور ہلمند میں سب سے زیادہ کارروائیوں کا دعویٰ کیا ہے۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق یکم اگست سے 13 نومبر تک 22 صوبوں میں 126 حملے کیے جن میں 135 طالبان اہلکار ہلاک ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کی کارروائیوں میں طالبان اہلکاروں، فوجی اڈوں، چیک پوسٹوں اور سرکاری دفاتر کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ دفاعی ماہرین کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ طالبان رجیم میں داخلی انتشار اور گورننس بحران کے باعث افغانستان کے مختلف صوبوں میں مسلح مزاحمتی کارروائیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔

(03)

نے والی کوپ کانفرنس پہلی ایسی عالمی ماحولیاتی کانفرنس ہے جس سے قبل اقوام متحدہ کے ماحولیاتی ادارے نے تصدیق کی ہے کہ عالمی درجہ حرارت میں اضافہ 1.5 ڈگری سینٹی گریڈ کی حد سے تجاوز کرنے کی جانب بڑھ رہا ہے جبکہ دنیا کے تمام ممالک نے ایک دہائی سے زائد عرصہ قبل اس حد کو عبور نہ کرنے کی کوشش پر اتفاق کیا تھا۔ ماہرین کے مطابق درجہ حرارت میں اس حد سے زیادہ اضافہ ہونے کی صورت میں شدید موسمیاتی واقعات اور ان کے تباہ کن اثرات میں مزید شدت آنے کا خدشہ ہے۔ کانفرنس کی صدارت کرنے والے ترکیہ کے وزیر ماحولیات مرات کوروم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کے خیال میں ایسا مسودہ پیش کیا گیا ہے جس پر تمام فریق اتفاق کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ معاہدے کی منظوری کے لیے اجلاس آج دوبارہ طلب کیا جائے گا۔ مرات کوروم کے مطابق نئے معاہدے میں فوسل فیول سے متعلق تحفظات اور موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت پیدا کرنے کے لیے ترقی پذیر ممالک کو مالی معاونت فراہم کرنے کے معاملات کو بھی حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سے قبل معاہدے کے ابتدائی مسودے کو بعض ممالک کی جانب سے شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا کیونکہ اس میں فوسل فیول کے استعمال کو ختم کرنے سے متعلق کوئی حوالہ شامل نہیں تھا۔ نئے مسودے میں سابقہ تجاویز کو مزید بہتر بنایا گیا ہے تاکہ مختلف ممالک کے تحفظات دور کرتے ہوئے مشترکہ لائحہ عمل طے کیا جا سکے۔ نئے معاہدے کی تیاری میں آسٹریلیا اور ترکیہ نے اہم کردار ادا کیا جبکہ دنیا کے امیر، غریب، بڑے اور چھوٹے ممالک کے تقریباً 200 وفود کے ساتھ تفصیلی مشاورت کی گئی۔ آسٹریلیا مذاکرات کی قیادت کر رہا ہے جبکہ ترکیہ کانفرنس کی میزبانی اور صدارت کے فرائض انجام دے رہا ہے۔ معاہدے کے مسودے پر اعتراضات جمع کرانے کے لیے وفود کو اتوار کا تک کا وقت دیا گیا تھا۔ آسٹریلیا اور ترکیہ کے سامنے سب سے بڑا چیلنج ایسے معاہدے پر اتفاق رائے پیدا کرنا تھا جو موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک کی ضروریات اور فوسل فیول کی پیداوار یا استعمال پر انحصار کرنے والی معیشتوں کے مفادات میں توازن قائم کر سکے۔

(04)

ڑی چلانے والے دو ملزمان کو گرفتار کیا، جن کی گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد زخمی ہوئے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے جبکہ واقعے میں ملوث گاڑی بھی قبضے میں لے کر مزید قانونی کارروائی کے لیے شہزاد ٹاؤن تھانے منتقل کر دی گئی ہے۔

(05)

سیکرٹری جمشید دوتانی، ضلع معاونین و ضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں 2 دسمبر کو کوئٹہ کے ایوب سٹیڈیم فٹبال گراؤنڈ میں خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53 ویں برسی کے جلسہ عام کی تیاریوں کو زیر غور لایا گیا اور نئے ایگزیکٹیوز اراکین کو متعارف کیا گیا۔ اجلاس سے پارٹی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی بیسویں صدی کے ان عظیم رہنماؤں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے فرنگی استعمار کی استبداد، ظلم و جبر، استعماریت کیخلاف تاریخ ساز جدوجہد کی اور ملک میں فوجی آمریتوں بالخصوص جنرل ایوب کی فوجی آمریت کے تمام دور میں وہ پابند سلاسل رہے اور ان کی لازوال جدوجہد اور قربانیوں کی بدولت خطے کے ممالک اور اقوام کو آزادی نصیب ہوئی اور اس ملک کا قیام ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ خان شہید کی فوجی آمریتوں کے خلاف جدوجہد اور قربانیوں سے ملک میں جنرل ایوب کی طویل مارشل لاء کا خاتمہ ہوا اور 1970 کے انتخابات کا انعقاد ہوا۔ لیکن یہ بدقسمتی تھی کہ 1973 کی آئین کے بنتے وقت خان شہید اس میں شامل نہیں تھے اگر خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی اس کا حصہ ہوتے تو پشتونوں کی قومی وحدت بہت پہلے بن چکی ہوتی اور پشتون بحیثیت قوم آج تقسیم در تقسیم اور محکومی، محرومی کا شکار نہ ہوتی۔ آج پشتون اس ملک اور پھر اس صوبے میں ہر شعبہ زندگی میں ترقی، خوشحالی، برابری سے محروم ہے اور پشتونوں کو سازش کے تحت ترقی، خوشحالی، تجارت، روزگار، امن سے محروم رکھ کر اس وطن پر بدامنی، بربادی کو دوام دیا جا رہا ہے، جس کا مقصد پشتونوں کی سرزمین، ان کے وسائل، معدنیات، پانی، جنگلات پر قبضہ کر کے انہیں اپنے ہی وطن میں مزدور کی حیثیت سے رہنے پر مجبور کرنا ہے۔

(06)

کے متن کے مطابق مدعی نے موقف اختیار کیا ہے کہ وہ کراچی اپنے بیمار والد کی تیمارداری کے لیے جا رہا تھا کہ ایس ایچ او نے اسے بلاجواز گرفتار کر کے حبس بیجا میں رکھا۔ مدعی مقدمہ نے مزید الزام عائد کیا ہے کہ ایس ایچ او نے اس سے دو لاکھ روپے بھی چھین لیے۔

(10)

تاہم اگر پارٹی کو اعتماد میں لیے بغیر یا اسے نظر انداز کر کے اس حوالے سے کوئی فیصلہ کیا گیا تو پیپلز پارٹی سندھ کے عوام کے ساتھ کھڑی ہوگی۔ ناصر حسین شاہ نے نئے صوبوں کے قیام سے متعلق تجاویز پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ کاروباری حضرات اچانک صوبوں کے قیام کی بات کہاں سے لے آئے ہیں، انہیں اس معاملے پر ایسی گفتگو کرنے کی ضرورت کیوں پیش آ رہی ہے؟ انہوں نے اپنے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی یکجہتی برقرار رہے گی اور صوبے کی تقسیم سے متعلق کسی بھی کوشش کے معاملے پر پیپلز پارٹی سندھ کے عوام کے ساتھ کھڑی ہوگی۔

(11)

شروع کر دی۔ پولیس نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت نادر شاہ ولد سفید گل کے نام سے ہوئی۔ ملزم کے قبضے سے 30 بور پستول بمعہ راؤنڈز اور ایک بغیر نمبر پلیٹ 125 برآمد ہوئی۔ گرفتار زخمی ملزم کو علاج معالجے کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے سے متعلق مزید قانونی کارروائی اور تفتیش جاری ہے۔ ملزم کا سابقہ ریکارڈ بھی چیک کیا جا رہا ہے۔

(12)

دوسری جانب روسی میزائل پولینڈ کی حدود میں بھی گرے، جبکہ ایک مشتبہ جیٹ انجن والا ڈرون بھی پولینڈ کی فضائی حدود میں داخل ہوا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق نیٹو نے پولینڈ میں روسی میزائل گرنے کے واقعے کو فضائی حدود کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پولینڈ میں روسی میزائل گرنے کے واقعے کو دانستہ حملہ قرار دینے کے بجائے غلطی قرار دیا جبکہ پولینڈ کے وزیراعظم پولینڈ ڈونلڈ ٹسک نے روسی حملے کو دانستہ اشتعال انگیزی قرار دیا ہے۔ سیکرٹری جنرل نیٹو مارک روٹے کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ نیٹو پولینڈ کی سرزمین کے ہر انچ کا دفاع کرے گا، 23 نومبر کو اجلاس طلب کیا گیا ہے جس میں اتحادی ممالک دفاعی انتظامات کا جائزہ لیں گے۔ دریں اثنا یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ امریکا نے کرسمس سے قبل سہ فریقی امن مذاکرات کا اگلا دور منعقد کرنے کی تجویز دی ہے۔ زیلنسکی نے تجویز دی کہ مذاکرات G 20 سربراہی اجلاس کے موقع پر، صدر ٹرمپ کے میامی میں واقع گالف ریزورٹ میں ہو سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ امریکا، روس اور یوکرین میں سہ فریقی امن مذاکرات کا پہلا دور 10 اور 11 نومبر کو ابوظہبی میں ہو چکا ہے۔

(13)

میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ لگانے کی تیاریوں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ جامعہ بلوچستان کے دیگر اساتذہ کرام کو درپیش مسائل، ان کے حل اور اساتذہ کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات پر بھی تفصیلی غور و خوض کیا جائے گا۔ کابینہ کے تمام ممبران سے گزارش ہے کہ اجلاس میں اپنی شرکت یقینی بنائیں۔ اجلاس کے بعد ریٹائرڈ اساتذہ کرام کو بھی مدعو کیا جائے گا تاکہ ان کے مسائل اور تجاویز براہ راست سنی جا سکیں۔

(14)

، تاہم امریکا اور کینیڈا کی افواج کے درمیان قریبی تعاون برقرار ہے۔ کینیڈین وزیر دفاع کے مطابق دونوں ممالک منشیات کی سمگلنگ روکنے کیلئے مشترکہ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، جبکہ میزائل دفاعی نظام اور فضائی حدود کے تحفظ کے معاملات میں بھی تعاون برقرار ہے۔ دوسری جانب امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون نے مبینہ خفیہ میمو پر تبصرہ کرنے سے گریز کیا ہے، پینٹاگون کے مطابق نئی امریکی ہدایات کا نیٹو اور شمالی امریکا کے فضائی دفاع پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ ادھر ایک امریکی سینیٹر نے دعویٰ کیا ہے کہ مبینہ میمو میں کوئی بڑے نئے اقدامات شامل نہیں ہیں، میمو سے متعلق اطلاعات کے باوجود کینیڈا اور امریکا کے حکام دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون جاری رہنے پر زور دے رہے ہیں۔

(15)

گئی موٹر سائیکل برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انچارج سی آئی اے پولیس لسبیلہ جان محمد جاموٹ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ دوران اسنیپ چیکنگ ایم آر سی ڈی روڈ پر دبئی مسجد چیک پوسٹ اوتھل کے مقام پر کراچی/حب کی جانب سے آنے والی مشکوک موٹر سائیکل سوزوکی 110، رجسٹریشن نمبر 1021-KQI کو روک کر چیک کیا۔ پولیس کے مطابق موٹر سائیکل سوار نے اپنا نام عنایت اللہ ولد دولت خان، قوم زہری، سکنہ گدر شانہ ضلع سوراب بتایا۔ ملزم سے موٹر سائیکل کے کاغذات طلب کیے گئے تو وہ پیش کرنے میں ناکام رہا۔ مزید تصدیق کے دوران انکشاف ہوا کہ مذکورہ موٹر سائیکل کراچی کے تھانہ سہراب گوٹھ کی حدود سے گن پوائنٹ پر چھینی گئی تھی۔ پولیس نے ملزم عنایت اللہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ ملزم کے خلاف اوتھل پولیس اسٹیشن میں مقدمہ نمبر 77/2026 بجرم دفعہ 412 تعزیرات پاکستان درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

(16)

مواد کا بڑا ذخیرہ برآمد کر لیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ فتنہ الخوارج نے حیدر خیل میں ایک خالی رہائشی مکان میں بھاری اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد چھپا رکھا تھا، مکان کی کھدائی کے دوران اینٹی ایئر کرافٹ گن، ہیوی مشین گن اور آر پی جی سیون سمیت بھاری ہتھیار برآمد ہوئے ہیں۔ برآمدہ سامان میں آر پی جی سیون راؤنڈز، کواڈ کاپٹر ڈراپ کٹس، یو بی جی ایل راؤنڈز اور ڈیٹونیٹنگ کورڈز بھی شامل ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق رہائشی آبادی میں بارودی مواد چھپانا دہشت گردوں کی خطرناک روش ہے جو معصوم شہریوں کی جانوں کیلئے بڑا خطرہ ہے، جدید اسلحہ اور کواڈ کاپٹر ڈراپ کٹ کی برآمدگی دہشتگردوں کے بیرونی روابط اور سپلائی چین کی نشاندہی کرتی ہے، چند روز قبل بھی سیکیورٹی فورسز نے میر علی میں ایک گھر کے اندر فتنہ الخوارج کی بارودی مواد تیار کرنے کی لیب پکڑی تھی۔ علما و مشائخ کے مطابق رہائشی علاقوں میں بارودی ذخائر چھپانا، مساجد کو دہشت گردی کیلئے استعمال کرنا اور معصوم شہریوں کو خوفزدہ کرنے والے خوارج انسانیت کے دشمن ہیں، ان فتنہ پرور خوارج کا دین اسلام سے کوئی واسطہ نہیں۔ سیکیورٹی فورسز خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے، آخری دہشتگرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

(17)

سے 160 ارب روپے کے ترقیاتی پیکیج میں سے 10 ارب روپے جاری کیے جانے کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی فنڈز کی پہلی قسط سے صوبے میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر برائے اطلاعات و تعلقات عامہ کا کہنا تھا کہ جاری کیے گئے فنڈز عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی بہتری پر خرچ کیے جائیں۔ ثمر ہارون بلور کا مزید کہنا تھا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور بروقت عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ خیبر پختونخوا کے عوام کو ان فنڈز کے ثمرات عملی طور پر نظر آئیں۔

(18)

اور ذہنی صدمے کا شکار ہونے والے فوجی بھی شامل ہیں۔ یہ اعداد و شمار اسرائیل کی جنگوں اور دشمنانہ کارروائیوں میں زخمی ہونے والے افراد کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے شروع کیے گئے خصوصی ہفتے کے موقع پر جاری کیے گئے ہیں۔ اسرائیلی فوج کے شعبہ افرادی قوت، وزارت دفاع کے بحالی کے شعبے اور معذور سابق فوجیوں کی تنظیم مشترکہ طور پر اس ہفتے کا اہتمام کر رہی ہیں۔ اس مہم کا مقصد زخمی فوجیوں کی قربانیوں کو تسلیم کرنا، انہیں فراہم کی جانے والی معاونت اور سہولیات سے آگاہی بڑھانا اور ان کی بحالی کے عمل میں مدد فراہم کرنا ہے۔ اس مہم کے تحت اسرائیلی فوج نے مقامی سطح پر گھر سے اپنائیت کے نام سے ایک پروگرام بھی شروع کیا ہے، جس میں فوجی کمانڈرز اور بلدیاتی اداروں کے سربراہان زخمی فوجیوں سے ملاقاتیں کریں گے۔ ان ملاقاتوں میں ایسے فوجی بھی شریک ہوں گے جو متعلقہ علاقوں میں رہائش پذیر ہیں، جبکہ بعض تقریبات میں ان کے تجربات اور مشکلات پر گفتگو کے لیے خصوصی نشستیں بھی منعقد کی جائیں گی۔ اسرائیلی فوج کے مطابق ان سرگرمیوں کا مقصد زخمی اہلکاروں کو ان کی اپنی برادریوں میں عزت دینا اور انہیں دستیاب معاونت، بحالی کی سہولیات اور دیگر خدمات تک رسائی آسان بنانا ہے۔

(19)

کے خلاف تبصرہ کر دیا وہ منہ چھپانے کے قابل نہیں رہے گا۔ محسن نقوی کا کہنا ہے کہ ڈھائی سال سے اس وزیر کے تبصرے صبر سے سن رہا ہوں، جن بزنس مینز پر تنقید کی جا رہی ہے وہ پاکستان کے عزت دار شہری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ بزنس مین وفاق اور مختلف شہروں کے چیمبرز کے صدور اور عہدیدار تھے، وہ بزنس مین پاکستان میں سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرنے والوں میں شامل ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ وہ بزنس مین اتنے ہی برے ہیں تو ہر الیکشن میں ان سے پارٹی فنڈ کے نام پر اربوں روپے کیوں لیتے ہیں؟

(20)

دیرینہ انتظامی اور مالی مشکلات کے حل کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ اپنے ویڈیو بیان میں حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ اسلام آباد اور پنجاب میں اسی نوعیت کے اقدامات کے بعد خیبر پختونخوا میں بھی صدارتی آرڈیننس کا اجرا مدارس کی رجسٹریشن اور بینک اکاؤنٹس سے متعلق ان مسائل کے حل کی جانب اہم پیش رفت ہے جو گزشتہ تقریباً 26 سال سے موجود تھے۔ انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دینی مدارس کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے قیادت اور خصوصی دلچسپی پر شکریہ ادا کیا۔ حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اس عمل کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے ذاتی دلچسپی لی جبکہ وزیراعظم اور صدر مملکت نے بھی اس حوالے سے اہم کردار ادا کیا۔

(21)

عالمی منڈیوں کو متاثر کر رہے ہیں اور تنازع کا حل نہ نکلنے کی صورت میں متعدد ممالک کے لیے معاشی مشکلات مزید بڑھ سکتی ہیں۔ ترک وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ اس جنگ اور تنازع کے حل میں تاخیر سے پیدا ہونے والا معاشی بوجھ ہر گزرتے دن کے ساتھ کئی ممالک کے لیے ناقابل برداشت ہوتا جا رہا ہے اور اس کے اثرات انتہائی تباہ کن ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ فریقین کے درمیان معاہدہ کامیاب ہوگا اور کہا کہ ترکیہ بھی اس مقصد کے لیے اپنی تمام تر کوششیں کر رہا ہے، آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے سفارتی کوششیں جاری ہیں۔

(22)

علاقے گلبرگ ٹو میں فضائی آلودگی کا انڈیکس انتہائی تشویشناک سطح 920 تک جا پہنچا، علامہ اقبال ٹاؤن میں اے کیو آئی 700 جبکہ عسکری 10 میں 275 ریکارڈ کیا گیا۔ پنجاب کے دیگر شہروں بہاولپور کا اے کیو آئی 525، گوجرانوالہ میں 435، فیصل آباد کا ایئر کوالٹی انڈیکس 415 پارٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ سرگودھا میں 404 اور ملتان کا اے کیو آئی 274 پارٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چند روز کے دوران بارش کا کوئی امکان نہیں، بارش اور تیز ہوائیں نہ چلنے کے باعث فضائی آلودگی میں کمی کے امکانات معدوم ہیں، موسم خشک رہنے اور ہوا کی رفتار کم ہونے سے لاہور سمیت مختلف شہروں میں سموگ کی صورتحال برقرار رہنے کا خدشہ ہے۔ قومی ادارہ صحت نے متعدی بیماریوں میں اضافے کا الرٹ جاری کر دیا ہے، موسمی فلو، سانس اور دل کے امراض میں اضافے کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ اور بلوچستان میں بھی یخ بستہ موسم کا سلسلہ جاری ہے۔ اسکردو اور گردونواح میں شدید سردی کی لہر کے باعث شہری علاقوں میں درجہ حرارت منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا ہے اور درختوں کے پتوں پر سفیدی چھا گئی ہے۔ کوئٹہ کا درجہ حرارت 3 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا۔

(23)

ادارے ویستی کو انٹرویو میں لیخاچیف نے بتایا کہ روسی ماہرین کی اکثریت نے ایرانی حکام کے ساتھ رابطے اور ہم آہنگی کے بعد بوشہر جوہری بجلی گھر کے مقام سے واپسی اختیار کر لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ روسی صدر ولادیمیر پوتن بجلی گھر کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے تھے اور انہوں نے اپنے بین الاقوامی رابطوں کے ذریعے اس تنصیب اور وہاں موجود روسی عملے کی سلامتی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے۔ روس ایٹم کے سربراہ نے اس بات پر زور دیا کہ بوشہر منصوبہ اب بھی کمپنی کی ترجیحات میں شامل ہے اور یہ کہ بیرونی دباؤ کے باوجود تہران اور ماسکو کے درمیان جوہری تعاون جاری رہے گا۔

(24)

گندم کی درآمد کے خواہشمند سپلائرز کے لیے کم از کم 5 سال کا برآمدی تجربہ اور گزشتہ پانچ سال کے دوران کم از کم 50 ہزار ٹن گندم برآمد کرنے کی شرط عائد کی گئی ہے۔ دستاویزات کے مطابق درآمد کی جانے والی گندم سال 2026 کی نئی فصل کی ہونی چاہیے، جس میں نمی کی زیادہ سے زیادہ شرح 14.5 فیصد، پروٹین کم از کم 10 فیصد اور ویٹ گلوٹن کی مقدار کم از کم 23 فیصد مقرر کی گئی ہے۔ غیر معیاری گندم مسترد کر دی جائے گی، جبکہ ٹھیکے کا فیصلہ مجموعی طور پر کم ترین لاگت کی بنیاد پر ہوگا۔ گندم کی ترسیل کے لیے دو مرحلے مقرر کیے گئے ہیں۔ پہلے مرحلے میں 4 لاکھ ٹن گندم 25 دسمبر 2026 سے 5 جنوری 2027 کے دوران پاکستان روانہ کرنا ہوگی، جبکہ مزید 4 لاکھ ٹن گندم 6 سے 15 جنوری 2027 کے دوران روانہ کی جائے گی۔ ٹینڈر کے مطابق تمام 8 لاکھ ٹن گندم 15 فروری 2027 تک کراچی یا گوادر کی بندرگاہوں پر پہنچانا لازمی ہوگا۔ مقررہ وقت پر گندم کی ترسیل نہ کرنے کی صورت میں ابتدائی جرمانہ 25 امریکی سینٹ فی ٹن یومیہ مقرر کیا گیا ہے۔ ٹی سی پی نے ٹینڈر میں گندم کی مقررہ مقدار میں 10 فیصد کمی یا اضافے کی گنجائش بھی رکھی ہے، جس کے تحت حتمی درآمدی مقدار میں ضرورت کے مطابق ردوبدل کیا جا سکے گا۔

(25)

۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، جس کے بعد ثنا خوانوں نے بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں نعتیہ گلدستے پیش کر کے محفل پر روحانی کیفیت طاری کر دی۔ اس موقع پر جید علمائے کرام نے خطاب کرتے ہوئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ، امن اور بھائی چارے کے پیغام سمیت چشموی بزرگوں کی دینی و روحانی خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالی، جس نے شرکاء کے دلوں کو منور کر دیا۔ عرس مبارک کے اس بابرکت موقع پر ٹی ای او گڑھی خیرو طارق علی چاچڑ، یوسی چیئرمین میر ارشد خان جکھرانی، پ ٹ الف (پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن) رہنما عبدالحق چاچڑ اور فدا حسین چانڈیو سمیت سندھ، بلوچستان اور ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے ہزاروں عقیدت مندوں، مریدین اور معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے انتظامات صوفی خان محمد لاشاری، استاد غلام مرتضیٰ چنو، فرحان علی جکھرانی، ڈاکٹر رحیم بخش اوڈھو، صوفی محمد رضوان جکھرانی، صوفی طفیل احمد جکھرانی، صوفی میر ہزار جکھرانی، محمد حبیب جکھرانی، حافظ برہان الدین اور دیگر رضاکاروں نے انتہائی بہترین طریقے سے سنبھالے۔ محفل کے اختتام پر درگاہ کے گدی نشین حضرت آغا خواجہ محمد عاصم جان چشموی نے ملک و قوم کی ترقی، سلامتی اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا کی، جس کے بعد آئے ہوئے تمام مہمانوں اور عقیدت مندوں کے لیے نیاز اور لنگر کا شاندار بندوبست کیا گیا۔

(26)

منشیات فروشی میں ملوث اور عادی جرائم پیشہ 02 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کی شناخت محمد سلیم شہزاد ولد امیر محمد عرف شکیل اور علی اصغر ولد بلال عرف جلیل کے ناموں سے ہوئی، گرفتار ملزم محمد سلیم شہزاد کا نام منشیات فروشوں کی فہرست میں سیریل نمبر 20 پر درج ہے، جس کے قبضے سے ایک ٹی ٹی پستول بمعہ 02 راؤنڈز اور 600 روپے نقد برآمد ہوئے، دوسرے ملزم علی اصغر کا نام عادی جرائم پیشہ افراد کی فہرست میں سیریل نمبر 22 پر درج ہے، جس کے قبضے سے 23 گرام آئس، فروختگی کی رقم اور موٹر سائیکل نمبر KQD-3560 برآمد ہوئی، برآمد موٹر سائیکل تھانہ ڈاکس کے چھینا جھپٹی کے مقدمے میں مطلوب تھی۔ سابقہ کریمنل ریکارڈ : گرفتار ملزمان محمد سلیم شہزاد کے خلاف اس سے قبل بھی درج ذیل مقدمات درج ہیں، سابقہ ریکارڈ ملزم محمد سلیم شہزاد FIR No.-91/2020 بجرم دفعہ 23(1)A تھانہ سچل، FIR No.-1614/2021 بجرم دفعہ 6/9C تھانہ پریڈی، FIR No.-1615/2026 بجرم دفعہ 23(1)A تھانہ پریڈی، سابقہ ریکارڈ ملزم علی اصغر FIR No.-691/2021 بجرم دفعہ 397/34 تھانہ K.I.A، FIR No.-41/2022 بجرم دفعہ 397/34 تھانہ عوامی کالونی، FIR No.-372/2024 بجرم دفعہ 23(1)A تھانہ زمان ٹاؤن۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات تھانہ پریڈی میں درج کر لیے گئے ہیں۔ گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے انچارج سی آئی سی پریڈی کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

(27)

جانب سے ایگریکلچر اور فوڈ سیکورٹی کے لیے "نیشنل ایگریکلچر اینڈ فوڈ سیکورٹی ایڈوائزری کونسل" کے قیام کی اطلاعات زیر گردش ہیں جس میں تین بڑے زرعی اداروں کو بھی ضم کیا جائے گا۔ چیئرمین کاٹن جنرز فورم احسان الحق نے بتایا کہ گزشتہ ہفتے تین بڑی طاقتوں کے سربراہان کی ملاقات کے نتیجے میں امریکا و چین کی درآمد و برآمدات پر ٹیرف میں متوقع کمی کے باعث بین الاقوامی منڈیوں میں روئی کی قیمتوں میں ریکارڈ مندی سامنے آئی جس کے نتیجے میں گزشتہ ہفتے نیویارک کاٹن ایکسچینج میں دسمبر وعدہ روئی کے سودوں میں 3.62 سینٹ فی پاؤنڈ کی واقع ہوئی جس سے پاکستان کی کاٹن مارکیٹوں میں بھی گزشتہ ہفتے روئی کی قیمتوں میں تیزی کا رجحان سامنے نہ آ سکا اور فی من روئی کی زیادہ سے زیادہ قیمت 18500 روپے جبکہ بلوچی روئی کی قیمتیں 19600 روپے کی سطح پر محدود رہیں۔

(28)

خارجہ، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے ساتھ وفود کی سطح پر مذاکرات کریں گے، پاکستانی قیادت سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔ دفتر خارجہ کے مطابق پرتگالی وزیر خارجہ پاکستان۔ پرتگال بزنس فورم کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کیلئے ایک کاروباری وفد کے ہمراہ پاکستان آئے ہیں۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی دعوت پر پرتگال کے وزیر مملکت و وزیر خارجہ پالو رینجل پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں۔

(29)

خود ایک انٹرویو میں ایم کیو ایم کو "رینٹل جماعت" قرار دیا تھا، کراچی کو را سے آزاد کرانے کے دعوے ماضی کے داغ بیانات سے نہیں دھوتے۔ سندھ حکومت کی ترجمان نے مزید کہا کہ کارکردگی پر طعنہ دینے والے وفاق میں بیٹھ کر عوام کا کون سا دکھ بانٹ رہے ہیں؟ جعلی ڈومیسائل کا راگ الاپنے والے پہلے میرٹ پر دی گئی ہماری نوکریوں کا ریکارڈ دیکھ لیں۔

(30)

کہ بلاول بھٹو کا موقف واضح، پیپلز پارٹی کی پالیسی آئین کی بالادستی ہے، نئے صوبوں یا ریفرنڈم کا فیصلہ پارلیمان کا آئینی اختیار ہے، کسی سویلین حکومت نے ریفرنڈم نہیں کرایا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم بتائیں آئینی راستہ اختیار کرنا ہے یا ماورائے آئین راستہ؟ وزرا کے متضاد بیانات حکومتی پالیسی میں ابہام پیدا کر رہے ہیں، بلاول بھٹو نے پارٹی پالیسی بیان کی، ردعمل دینا ان کا سیاسی حق ہے۔ سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کا کہنا ہے کہ آصف علی زرداری کا کردار ہمیشہ مصالحانہ رہا ہے، صدر اور وزیراعظم کی ملاقاتیں خوش آئند ہیں، پیپلز پارٹی آئین سے انحراف کے کسی اقدام پر خاموش نہیں رہے گی۔ نیئر بخاری نے کہا ہے کہ آئین کے تحت حکومت کی مدت پوری کرنے کی پیپلز پارٹی کی کمٹمنٹ ہے، پیپلز پارٹی جمہوری حکومتوں کی آئینی مدت پوری کرنے کی حامی ہے، پیپلز پارٹی کا ہر کارکن چیئرمین بلاول بھٹو کے موقف کے ساتھ کھڑا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ رانا ثنا اللہ دھمکیوں کے بجائے آئینی فورمز سے رجوع کریں، پیپلز پارٹی دھمکیوں سے ڈرنے والی جماعت نہیں، رانا صاحب کوشش کر کے دیکھ لیں، نئے صوبوں کا معاملہ تجارتی گروپس نہیں، پارلیمان میں طے ہونا چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو فیئر ٹرائل نہ ملنے کا تاثر نہیں ہونا چاہیے، پیپلز پارٹی کا اصولی موقف ہے کہ سیاسی اختلافات کا فیصلہ آئین اور پارلیمان میں ہو۔

(31)

معاشی بنیادی عوامل سے متعلق خدشات کو دور نہیں کر سکتا۔ نومبر 2026 کے اوائل تک غیر ملکی سرمایہ کار بھارتی حصص کی تقریباً 31 ارب ڈالر مالیت فروخت کر چکے تھے، تاہم اس کے بعد سرمایہ کاری کے رجحان میں نمایاں تبدیلی آئی اور رواں ماہ غیر ملکی سرمایہ کار دوبارہ خالص خریدار بن گئے۔ بھارت کے بازار حصص کے نگران ادارے نے دیگر ابھرتی ہوئی منڈیوں کے مقابلے میں ملک کی مسابقت بہتر بنانے کے لیے غیر ملکی حصص سرمایہ کاروں کو ٹیکس میں رعایت دینے کی سفارش کی ہے۔ یہ سفارش حکومت کے اس سابقہ فیصلے کے بعد سامنے آئی ہے جس کے تحت اہل غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سرکاری سیکیورٹیز سے حاصل ہونے والی سود کی آمدن اور سرمایہ جاتی منافع پر ٹیکس سے استثنیٰ دیا گیا تھا۔ غیر ملکی پورٹ فولیو سرمایہ کاروں نے اکتوبر میں بھارتی حصص سے 34,843 کروڑ روپے نکالے، جبکہ ستمبر میں بھی بڑی مقدار میں سرمایہ واپس لے لیا گیا تھا۔ تاہم اکتوبر کے اختتام پر حصص کی خریداری دوبارہ شروع ہوئی اور نومبر میں اس رجحان میں مزید اضافہ ہوا، جو غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کی بحالی کا اشارہ ہے۔ بھارت کے موجودہ ٹیکس نظام کے تحت مخصوص فہرست شدہ حصص ایک سال سے زیادہ عرصے تک رکھنے کی صورت میں حاصل ہونے والے طویل مدتی سرمایہ جاتی منافع پر عموماً 12.5 فیصد ٹیکس عائد ہوتا ہے، جبکہ ان حصص کی فروخت سے حاصل ہونے والے قابل اطلاق قلیل مدتی منافع پر مقررہ شرائط کے تحت 20 فیصد ٹیکس لیا جاتا ہے۔ ایکئے گلوبل فنانشل سروسز لمیٹڈ کی چیف ماہر معاشیات مادھوی اروڑا نے ویلتھ پاکستان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سرمایہ جاتی منافع پر ٹیکس بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے ایک اہم معاملہ ہے، کیونکہ عالمی سرمایہ کاری فنڈز مختلف ممالک کا انتخاب ٹیکس کی ادائیگی کے بعد حاصل ہونے والے منافع کی بنیاد پر کرتے ہیں۔ تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ بھارت سے غیر ملکی پورٹ فولیو سرمایہ کاری کے مسلسل انخلا کی بنیادی وجہ صرف ٹیکس کو قرار دینا درست نہیں ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیکس اہم ضرور ہے، لیکن سرمایہ کاری کے فیصلوں میں حصص کی خرید و فروخت کے رجحان کا بنیادی تعین کرنے والا واحد یا سب سے بڑا عنصر ہونے کا امکان کم ہے۔ مادھوی اروڑا نے وضاحت کی کہ غیر ملکی سرمایہ کار بالآخر منڈیوں کا جائزہ صرف ٹیکس کی بنیاد پر نہیں بلکہ خطرات اور کرنسی کی قدر میں تبدیلی کو مدنظر رکھتے ہوئے حاصل ہونے والے منافع کے مطابق لیتے ہیں۔ ان کے مطابق بھارت میں حصص کی نسبتاً بلند قیمتیں، کمپنیوں کی آمدن میں اضافے کی رفتار سست پڑنا، دیگر ابھرتی ہوئی منڈیوں میں متبادل سرمایہ کاری کے مواقع اور بھارتی روپے کی قدر میں کمی نے مجموعی طور پر بھارتی حصص کی کشش کم کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمپنیوں کی آمدن میں اضافے کے حوالے سے بھارت کو پہلے حاصل برتری بعض دوسری ایشیائی منڈیوں کے مقابلے میں کم ہو گئی ہے، جبکہ بھارتی حصص اب بھی نسبتاً زیادہ قیمتوں پر فروخت ہو رہے ہیں۔ اس صورت حال نے جنوبی کوریا جیسی منڈیوں کو بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے زیادہ مسابقتی بنا دیا ہے، خصوصاً ان سرمایہ کاروں کے لیے جو کمپنیوں کی آمدن میں تیز اضافے اور عالمی سطح پر سرمایہ کاری کے اہم رجحانات سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کرنسی کی قدر میں تبدیلی بھی ایک اہم عنصر بن چکی ہے، کیونکہ بھارتی روپے کی قدر میں کمی کے باعث جب سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والے منافع کو امریکی ڈالر میں تبدیل کیا جاتا ہے تو اس کی مالیت کم ہو سکتی ہے۔ مادھوی اروڑا کے مطابق اس صورت حال میں طویل مدتی سرمایہ جاتی منافع پر ٹیکس کے نظام کو مناسب بنانا بھارت کی سرمایہ کاری کے حوالے سے مسابقت بہتر کر سکتا ہے، کیونکہ اس سے ٹیکس کی ادائیگی کے بعد حاصل ہونے والا منافع بڑھے گا اور دوسری منڈیوں کے مقابلے میں موجودہ نقصان کم ہوگا۔ تاہم انہوں نے زور دیا کہ ٹیکس میں رعایت کو غیر ملکی سرمایہ کاری کے انخلا کا مکمل حل سمجھنے کے بجائے ایک معاون اقدام تصور کیا جانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کی مستقل شرکت کا زیادہ تر انحصار کمپنیوں کی آمدن میں بہتری، حصص کی مناسب قیمتوں اور مستحکم معاشی بنیادی عوامل پر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے اور برقرار رکھنے کے لیے ایک جامع حکمت عملی میں ٹیکس نظام کا قابل پیش گوئی ہونا، نجی سرمایہ کاری میں اضافہ، کھپت کا فروغ، بنیادی ڈھانچے پر اخراجات اور پیداواری صلاحیت بڑھانے والی اصلاحات شامل ہونی چاہئیں۔ ان کے مطابق ایسے اقدامات کمپنیوں کی آمدن بہتر بنانے اور بھارتی حصص میں سرمایہ کاری کے بنیادی جواز کو مضبوط کرنے میں مدد دیں گے۔ انہوں نے کرنسی کا استحکام، زر مبادلہ کے مناسب ذخائر، مالیاتی پالیسی کا قابل اعتماد ہونا، قیمتوں کا استحکام اور جاری کھاتے کے خسارے کو قابو میں رکھنا بھی غیر ملکی سرمایہ کاروں کے اعتماد کے لیے اہم عوامل قرار دیا۔ مادھوی اروڑا کے مطابق غیر ملکی پورٹ فولیو سرمایہ کاری کے فیصلے مجموعی معاشی ماحول سے متاثر ہوتے ہیں، اس لیے سرمایہ کاری کے مسلسل بہاؤ کو برقرار رکھنے کے لیے معاشی پالیسیوں کا مستقل اور مؤثر انتظام ضروری ہے۔ بھارت کا تجربہ پاکستان اور دیگر سرحدی نوعیت کی منڈیوں کے لیے بھی اہم اسباق رکھتا ہے، جو عالمی سرمائے کے حصول کے لیے بڑھتی ہوئی مسابقت کے دوران بین الاقوامی پورٹ فولیو سرمایہ کاری کو راغب کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ کے سربراہ برائے حصص تحقیق وقاص غنی نے ویلتھ پاکستان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مسابقتی ٹیکس نظام ٹیکس کی ادائیگی کے بعد سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والا منافع بڑھا سکتا ہے اور پاکستان کو دوسری ابھرتی ہوئی اور سرحدی منڈیوں کے مقابلے میں نسبتاً زیادہ پرکشش بنا سکتا ہے۔ تاہم انہوں نے زور دیا کہ صرف ٹیکس مراعات مسلسل غیر ملکی سرمایہ کاری یقینی بنانے کے لیے کافی نہیں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیکس مراعات کرنسی سے متعلق غیر یقینی صورت حال یا معاشی پالیسیوں کے پائیدار ہونے کے بارے میں خدشات کا ازالہ نہیں کر سکتیں۔ وقاص غنی نے بین الاقوامی سرمایہ کاری کے فیصلوں میں ٹیکس کو اہم لیکن ثانوی حیثیت کا حامل عنصر قرار دیا۔ انہوں نے وضاحت کی کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو برقرار رکھنے کے لیے مستقل اور مسابقتی سرمایہ کاری کا ماحول ضروری ہے، کیونکہ عالمی فنڈز معاشی حالات اور سرمایہ کاری کے مواقع تبدیل ہونے پر باآسانی اپنا سرمایہ ایک منڈی سے دوسری منڈی میں منتقل کر سکتے ہیں۔ اسی وجہ سے ابھرتی ہوئی اور سرحدی منڈیاں صرف معاشی ترقی کے امکانات اور حصص کی قیمتوں ہی پر مقابلہ نہیں کرتیں بلکہ ان میں ضابطہ جاتی پالیسیوں کا قابل پیش گوئی ہونا، ٹیکس، لین دین کے اخراجات، بازار حصص میں خرید و فروخت کی سہولت اور سرمایہ کاروں کے لیے منڈی تک رسائی بھی اہم عوامل ہیں۔ وقاص غنی نے کہا کہ بین الاقوامی پورٹ فولیو سرمایہ کاروں کا طویل مدتی اعتماد حاصل کرنے کے خواہش مند ممالک کے لیے سرمایہ کاری کا ایک قابل پیش گوئی نظام خاص اہمیت رکھتا ہے۔ ان کے خیالات اس وسیع تر مؤقف کی تائید کرتے ہیں کہ کم ٹیکس کسی منڈی کی کشش میں اضافہ تو کر سکتا ہے، لیکن غیر ملکی سرمایہ کاری کے فیصلوں کا حتمی انحصار معاشی پالیسیوں کے پائیدار ہونے اور کاروباری اداروں کی مسابقتی منافع کمانے کی صلاحیت پر ہوتا ہے۔ بھارت میں سرمایہ جاتی منافع پر ٹیکس سے متعلق بحث ایسے وقت میں جاری ہے جب بین الاقوامی سرمایہ کار کمپنیوں کی آمدن کے امکانات، حصص کی قیمتوں اور کرنسی کے خطرات کی بنیاد پر مختلف منڈیوں کا دوبارہ جائزہ لے رہے ہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق مجوزہ ٹیکس رعایت سے سرمایہ کاری کے اخراجات کم اور ٹیکس کی ادائیگی کے بعد منافع میں اضافہ ہو سکتا ہے، تاہم غیر ملکی سرمایہ کاروں کی مستقل شرکت کا بنیادی انحصار کمپنیوں کی آمدن میں مضبوط اضافے، مستحکم معاشی حالات اور قابل پیش گوئی ضابطہ جاتی ماحول پر ہوگا۔ یہ تجربہ ابھرتی ہوئی اور سرحدی منڈیوں کے لیے ایک بڑے چیلنج کو نمایاں کرتا ہے: مسابقتی ٹیکس نظام کے ذریعے غیر ملکی پورٹ فولیو سرمایہ کاری کو راغب کرنا نسبتاً آسان ہو سکتا ہے، لیکن اسے برقرار رکھنے کے لیے مستقل معاشی پالیسیاں، سرمایہ کاروں کا اعتماد اور ایسے سرمایہ کاری مواقع ضروری ہیں جو پائیدار منافع فراہم کر سکیں۔

(32)

صحبت پور سمیت نصیر آباد ڈویژن میں زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم، نہری نظام کی بہتری، محکمہ آبپاشی کو درپیش مسائل اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران زرعی شعبے کو درپیش پانی کی ضروریات، نہروں میں پانی کی دستیابی، مختلف علاقوں تک پانی کی بروقت فراہمی اور نہری نظام کی مؤثر نگرانی کے حوالے سے امور زیر بحث آئے۔

(33)

محفوظ مستقبل اور بیماریوں سے تحفظ کے لیے بروقت حفاظتی ٹیکہ جات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات (ای پی آئی) کے تحت ملک بھر میں بچوں کو 13 قابل انسداد بیماریوں سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ ہر بچے کو صحت مند زندگی گزارنے کے مساوی مواقع میسر آ سکیں۔ ڈاکٹر موسیٰ خان نے کہا کہ حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولیات کو مزید مؤثر اور وسیع بنانا ضروری ہے تاکہ ملک کے کسی بھی علاقے میں رہنے والا کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام بچوں تک زندگی بچانے والی ویکسین کی رسائی یقینی بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ اس موقع پر وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات نے پاکستان میں حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام کو مؤثر بنانے میں بین الاقوامی شراکت داروں کے تعاون کو بھی سراہا، جن میں گاوی، دی ویکسین الائنس، عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او)، یونیسیف اور گیٹس فاؤنڈیشن شامل ہیں۔ ادارے کے مطابق بین الاقوامی شراکت داروں کا تعاون ملک میں بچوں کو قابل انسداد بیماریوں سے محفوظ بنانے اور قومی حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کو مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

(34)

محفوظ مستقبل اور بیماریوں سے تحفظ کے لیے بروقت حفاظتی ٹیکہ جات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات (ای پی آئی) کے تحت ملک بھر میں بچوں کو 13 قابل انسداد بیماریوں سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ ہر بچے کو صحت مند زندگی گزارنے کے مساوی مواقع میسر آ سکیں۔ ڈاکٹر موسیٰ خان نے کہا کہ حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولیات کو مزید مؤثر اور وسیع بنانا ضروری ہے تاکہ ملک کے کسی بھی علاقے میں رہنے والا کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام بچوں تک زندگی بچانے والی ویکسین کی رسائی یقینی بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ اس موقع پر وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات نے پاکستان میں حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام کو مؤثر بنانے میں بین الاقوامی شراکت داروں کے تعاون کو بھی سراہا، جن میں گاوی، دی ویکسین الائنس، عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او)، یونیسیف اور گیٹس فاؤنڈیشن شامل ہیں۔ ادارے کے مطابق بین الاقوامی شراکت داروں کا تعاون ملک میں بچوں کو قابل انسداد بیماریوں سے محفوظ بنانے اور قومی حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کو مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

(35)

سہولیات تک رسائی اور فلاحی اقدامات سے مستفید کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بتایا گیا کہ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کی کوششوں اور نادرا کے تعاون سے گزشتہ دنوں پشکان میں موبائل رجسٹریشن وین بھیجی گئی تھی، جس کا مقصد خصوصی افراد کے لیے رجسٹریشن کے عمل کو آسان اور قابل رسائی بنانا تھا۔ تاہم ایسے افراد جو شدید جسمانی معذوری کے باعث گھروں سے باہر نکلنے سے قاصر ہیں۔

(36)

سالانہ قومی کانفرنس کارڈیوکان 2026 کے دوران باضابطہ طور پر اپنے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین اچکزئی اس وقت بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز کوئٹہ BICVD کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ گزشتہ دو دہائیوں سے امراض قلب کے جدید علاج، طبی تعلیم اور تحقیق کے شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ان کا انتخاب بلوچستان کے لیے ایک بڑا اعزاز اور صوبے کی طبی برادری کے لیے باعث فخر ہے۔

(37)

نے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ ہفتہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ راجہ پرویز اشرف اور سینیٹر شیری رحمان بھی ملاقات میں موجود تھے۔

(38)

کہ وہ آگ لگنے کے بعد عمارت کے اندر پھنس گئے۔ آگ ہفتے کی سہ پہر صوبہ ہنتن کے شہر سرنگ کے علاقے چیکانڈے میں واقع کینڈی بنانے والی فیکٹری میں لگی، جہاں دودھ سے بنی مٹھائیاں اور دیگر مصنوعات تیار کی جاتی ہیں۔ آگ نے تین منزلہ فیکٹری کے بڑے حصے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جبکہ عمارت کی چھت کے کچھ حصے بھی گر گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق 15 افراد کو زندہ بچا لیا گیا، جن میں 4 زخمی ہیں، جبکہ 36 کارکن تاحال لاپتہ ہیں۔ آگ کے بعض حصوں میں مسلسل شعلے اور شدید گرمی ریسکیو اہلکاروں کے لیے ملبے میں داخل ہونے اور تلاش کا عمل جاری رکھنے میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ حکام نے آگ لگنے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی ہیں، تاہم ابتدائی طور پر کسی حتمی وجہ کی تصدیق نہیں ہو سکی۔ ریسکیو ٹیمیں، فائر فائٹرز اور امدادی ادارے لاپتہ افراد کی تلاش میں مصروف ہیں، جبکہ متاثرہ کارکنوں کے اہل خانہ فیکٹری کے باہر اپنے پیاروں کی خبر کے منتظر ہیں۔

(39)

نامعلوم مسلح افراد نے اسے فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس سے ڈرائیور جاں بحق اور تین افراد زخمی ہوگئے۔ دریں اثنا ایک اور واقعے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک ٹرک کو آگ لگا کر نذر آتش کر دیا۔ پولیس انتظامیہ کے مطابق دونوں گاڑیاں تفتان سے دالبندین کی جانب بغیر کسی سیکیورٹی کانوائے کے سفر کر رہی تھیں، جبکہ واقعات کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے اور مقامی انتظامیہ مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

(40)

راور انسانی حقوق کے لیے طویل خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حسین نقی نے صحافت اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے نمایاں کردار ادا کیا، ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ صدر مملکت نے حسین نقی کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی۔

(41)

کرتے ہوئے میزائل کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی ناکارہ بنا دیا۔ میزائل حملے کے خطرے کے پیش نظر مکہ مکرمہ میں ہنگامی وارننگ کیلئے سائرن بجائے گئے، جبکہ شہری دفاع کی جانب سے حفاظتی الرٹ بھی جاری کیا گیا، خطرہ ٹلنے کے بعد الرٹ ختم کر دیا گیا اور شہریوں کو صورتحال سے آگاہ کیا گیا۔ اتحادی افواج کے ترجمان نے بتایا کہ اس سے قبل حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی دارالحکومت ریاض کی طرف بھیجا گیا ڈرون بھی فضائی دفاعی نظام نے فضا میں تباہ کر دیا تھا، دونوں واقعات کے حوالے سے سعودی حکام نے دفاعی نظام کی بروقت کارروائی کی تفصیلات فراہم کی ہیں۔ دوسری جانب سعودی شہری دفاع نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ سیکیورٹی اور دفاعی کارروائیوں سے متعلق غیر مصدقہ معلومات یا حساس تفصیلات سوشل میڈیا پر شیئر کرنے سے گریز کریں۔ حکام نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ سرکاری ہدایات پر عمل کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں متعلقہ اداروں کی جانب سے جاری کردہ اطلاعات کو ہی مستند سمجھیں۔ دوسری جانب ترکی کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان کا کہنا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان کسی ممکنہ معاہدے کے اثرات صرف آبنائے ہرمز کے کھلنے تک محدود نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ممکنہ معاہدہ آبنائے ہرمز سے آگے عالمی معیشت کو سہولت فراہم کرنے میں ایک اہم عنصر ثابت ہوگا۔ فیدان نے سعودی قیادت میں قائم عسکری اتحاد اور یمن کے حوثیوں کے درمیان جھڑپوں کے بارے میں بھی کہا کہ انقرہ کی ترجیح سعودی عرب کا دفاع ہے، تاہم انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ ترک حکومت نے ابھی تک یمن میں فوج بھیجنے کا فیصلہ نہیں کیا۔ ترکی، سعودی عرب اور پاکستان مکہ دفاعی اتحاد کا حصہ ہیں۔

(42)

(ٹی پی او) کے مشرقی ایشیا اور برصغیر کے دفتر کے نائب سربراہ سید مہرداد سادات نسب نے بتایا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان آزاد تجارتی معاہدہ رواں ایرانی سال کے اختتام تک حتمی شکل اختیار کر سکتا ہے۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ معاہدے پر پیش رفت جاری ہے، مذاکرات اور معاہدے میں شامل اشیا کی فہرستوں کے تبادلے کے بعد یہ اپنے آخری مراحل میں پہنچ چکا ہے۔ ایرانی عہدیدار کے مطابق نئے معاہدے پر عمل درآمد سے دونوں ممالک کے درمیان کسٹم اخراجات کم ہوں گے جس سے باہمی تجارت کے حجم میں نمایاں اضافہ ممکن ہوگا۔ سید مہرداد سادات نسب نے پاکستان اور ایران کے درمیان سرکاری اور غیر سرکاری تجارت کا موجودہ حجم تقریباً 6 ارب ڈالر بتایا۔ ان کے مطابق دونوں ممالک میں وسیع معاشی صلاحیتیں موجود ہیں اور باہمی تجارت کو 10 ارب ڈالر سے زیادہ تک پہنچایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے صنعتی شعبے، زراعت، کان کنی اور تکنیکی و انجینئرنگ خدمات کو دوطرفہ اقتصادی تعاون کے اہم شعبے قرار دیا۔ ایرانی عہدیدار کے مطابق پاکستان کی منڈی میں ایران کی بنیادی برآمدی صلاحیتوں میں پیٹروکیمیکلز، مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی)، اسٹیل، ٹائلز اور سیرامکس شامل ہیں۔ انہوں نے ایرانی برآمد کنندگان پر زور دیا کہ وہ پاکستانی مارکیٹ کی ضروریات کو بہتر طور پر سمجھیں اور زیادہ سے زیادہ مارکیٹ شیئر حاصل کرنے کیلئے معیاری اشیا مسابقتی قیمتوں پر فراہم کریں۔ سید مہرداد سادات نسب نے ایرانی برآمدات اور درآمدات کے لیے پاکستانی بندرگاہوں کے استعمال کو اسٹریٹجک اہمیت کا حامل قرار دیا۔

(43)

اسپتالوں، بنیادی مراکز صحت اور دیہی ہیلتھ سینٹرز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل، ادویات کی دستیابی، عملے کی حاضری اور ہسپتالوں میں صفائی کی صورتحال پر غور کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے ہدایت دی کہ اسپتالوں میں مریضوں کو تمام بنیادی سہولیات بروقت فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ادویات کی عدم دستیابی اور عملے کی غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس میں صحت کی سہولیات کی فراہمی کے اقدامات کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں DHO لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر کامران یونس، ایم ایس DHQ ہسپتال اوتھل ڈاکٹر اویس واجد، ایم ایس سول ہسپتال بیلہ ڈاکٹر عبدالحکیم، ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ڈاکٹر شاہینہ قاضی، ایم او PPHI عمران ستار کھوسہ، سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس سلیم اللہ رونجھو اور سپرنٹنڈنٹ ہیلتھ آفس غلام حیدر اور شاہد نذیر نے شرکت کی۔

(44)

حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فلور مل مالکان کے مسائل حل کیے جائیں گے، فلور مل مالکان کے جائز مسائل حل کرنا حکومت کی ترجیح ہے۔

(45)

کے حق میں ووٹ نہ دینے کا مطالبہ کر دیا۔ انہوں نے بلاول بھٹو زرداری کے بانی چیئرمین کو سیاسی قیدی قرار دینے اور مخصوص نشستوں پر پی ٹی آئی موقف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ اسد قیصر نے مزید کہا کہ گرفتار منتخب نمائندوں کو عدالتوں میں پیش کر کے دفاع کا حق دیا جائے، مولانا فضل الرحمان اور دیگر سیاسی رہنماؤں کی سیکیورٹی یقینی بنائی جائے۔ اُن کا کہنا تھا کہ گرفتار منتخب نمائندوں کو متعلقہ عدالتوں میں پیش کر کے دفاع کا حق دیا جائے، پی ٹی آئی کے گرفتار رہنماؤں، کارکنوں کے مقدمات میرٹ پر چلائے جائیں۔

(46)

محمد خوشی کی فصل میں داخل ہوگئی، جس پر بھینس کے مالک محمد طارق نے الزام عائد کیا ہے کہ بااثر افراد نے طیش میں آ کر بے زبان جانور پر تشدد کیا اور اس کی ٹانگیں کاٹ دیں۔ افسوسناک واقعے پر اہل علاقہ میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے واقعے کا فوری نوٹس لینے اور ڈی پی او قصور سے شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

(47)

کیے گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے جاری کردہ ٹیسٹ انٹرویو شیڈول کے مطابق آج ضلع خضدار سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے انٹرویوز لیے جا رہے ہیں، جبکہ تمام انٹرویو پینلز فعال ہیں اور امیدواروں کے انٹرویوز کا عمل تسلی بخش منظم انداز میں جاری ہے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی خصوصی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے امیدواروں اور انٹرویو پینلز کی سہولت کے لیے جامع انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں تمام پینلز کو ضروری فرنیچر، نشستوں، لیپ ٹاپس، معاون عملے اور کلریکل اسٹاف سمیت دیگر سہولیات فراہم کی گئی ہیں تاکہ انٹرویوز کا عمل بلاتعطل جاری رکھا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر حب خود انٹرویو کے عمل کی نگرانی اور مانیٹرنگ کر رہے ہیں تاکہ بھرتیوں کے تمام مراحل میں شفافیت، میرٹ اور انتظامی نظم و ضبط کو یقینی بنایا جا سکے۔ امیدواروں اور انٹرویو ٹیموں کی حفاظت کے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات بھی کیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ حب ریجن میں امیدواروں کے انٹرویوز کا شیڈول کے مطابق 22 نومبر 2026 ضلع خضدار کے نوجوانوں کے انٹرویو ٹیسٹ منعقد ہو رہے ہیں جبکہ 23 نومبر کو حب اور وڈھ۔ 24 نومبر کو ضلع لسبیلہ 25- نومبر کو ضلع آواران کے امیدواروں کے ٹیسٹ انٹرویوز ہوں گے ضلعی انتظامیہ حب کے مطابق بھرتیوں کے عمل کو شفاف، منصفانہ اور میرٹ کی بنیاد پر مکمل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جبکہ امیدواروں کو یکساں مواقع اور سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔

(48)

طویل المدتی معاہدہ چاہتا ہے جو مستقبل میں آنے والا کوئی امریکی صدر بھی ختم نہ کر سکے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ مذاکرات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی حکام معاہدے کے خواہاں ہیں لیکن وہ ایسا سمجھوتا نہیں چاہتے جو کچھ عرصے بعد ختم ہو جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ ایک پائیدار معاہدہ چاہتے ہیں جو طویل عرصے تک برقرار رہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ وہ ایسا معاہدہ چاہتے ہیں جو مستقبل میں آنے والے کسی کمزور یا غیر موثر امریکی صدر کے دور میں بھی برقرار رہے۔ انہوں نے ممکنہ آئندہ صدر پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر امریکا میں کوئی احمق، برا یا کمزور صدر منتخب ہو جائے تو بھی ایران کے ساتھ طے پانے والا معاہدہ اس کے فیصلوں سے بالاتر ہونا چاہیے۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ان کی انتظامیہ ایران کے ساتھ مذاکرات کر رہی ہے، تاہم امریکا کا مقصد محض عارضی مفاہمت کے بجائے ایسا مضبوط اور دیرپا سمجھوتا کرنا ہے جو مستقبل کی امریکی قیادت کی تبدیلی سے متاثر نہ ہو۔

(49)

قابض طالبان رجیم کیخلاف ایک نئی موثر اور منظم مسلح مزاحمتی قوت کے طور پر ابھر کر سامنے آ گیا۔ معروف عالمی جریدے دی ڈپلومیٹ کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے اگست میں طالبان رجیم کیخلاف آپریشن محارب شروع کیا۔ دی ڈپلومیٹ کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے طالبان کے روایتی مضبوط گڑھوں قندھار اور ہلمند میں سب سے زیادہ کارروائیوں کا دعویٰ کیا ہے۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق یکم اگست سے 13 نومبر تک 22 صوبوں میں 126 حملے کیے جن میں 135 طالبان اہلکار ہلاک ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کی کارروائیوں میں طالبان اہلکاروں، فوجی اڈوں، چیک پوسٹوں اور سرکاری دفاتر کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ دفاعی ماہرین کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ طالبان رجیم میں داخلی انتشار اور گورننس بحران کے باعث افغانستان کے مختلف صوبوں میں مسلح مزاحمتی کارروائیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔

(50)

نے والی کوپ کانفرنس پہلی ایسی عالمی ماحولیاتی کانفرنس ہے جس سے قبل اقوام متحدہ کے ماحولیاتی ادارے نے تصدیق کی ہے کہ عالمی درجہ حرارت میں اضافہ 1.5 ڈگری سینٹی گریڈ کی حد سے تجاوز کرنے کی جانب بڑھ رہا ہے جبکہ دنیا کے تمام ممالک نے ایک دہائی سے زائد عرصہ قبل اس حد کو عبور نہ کرنے کی کوشش پر اتفاق کیا تھا۔ ماہرین کے مطابق درجہ حرارت میں اس حد سے زیادہ اضافہ ہونے کی صورت میں شدید موسمیاتی واقعات اور ان کے تباہ کن اثرات میں مزید شدت آنے کا خدشہ ہے۔ کانفرنس کی صدارت کرنے والے ترکیہ کے وزیر ماحولیات مرات کوروم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کے خیال میں ایسا مسودہ پیش کیا گیا ہے جس پر تمام فریق اتفاق کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ معاہدے کی منظوری کے لیے اجلاس آج دوبارہ طلب کیا جائے گا۔ مرات کوروم کے مطابق نئے معاہدے میں فوسل فیول سے متعلق تحفظات اور موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت پیدا کرنے کے لیے ترقی پذیر ممالک کو مالی معاونت فراہم کرنے کے معاملات کو بھی حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سے قبل معاہدے کے ابتدائی مسودے کو بعض ممالک کی جانب سے شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا کیونکہ اس میں فوسل فیول کے استعمال کو ختم کرنے سے متعلق کوئی حوالہ شامل نہیں تھا۔ نئے مسودے میں سابقہ تجاویز کو مزید بہتر بنایا گیا ہے تاکہ مختلف ممالک کے تحفظات دور کرتے ہوئے مشترکہ لائحہ عمل طے کیا جا سکے۔ نئے معاہدے کی تیاری میں آسٹریلیا اور ترکیہ نے اہم کردار ادا کیا جبکہ دنیا کے امیر، غریب، بڑے اور چھوٹے ممالک کے تقریباً 200 وفود کے ساتھ تفصیلی مشاورت کی گئی۔ آسٹریلیا مذاکرات کی قیادت کر رہا ہے جبکہ ترکیہ کانفرنس کی میزبانی اور صدارت کے فرائض انجام دے رہا ہے۔ معاہدے کے مسودے پر اعتراضات جمع کرانے کے لیے وفود کو اتوار کا تک کا وقت دیا گیا تھا۔ آسٹریلیا اور ترکیہ کے سامنے سب سے بڑا چیلنج ایسے معاہدے پر اتفاق رائے پیدا کرنا تھا جو موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک کی ضروریات اور فوسل فیول کی پیداوار یا استعمال پر انحصار کرنے والی معیشتوں کے مفادات میں توازن قائم کر سکے۔

حب میں وفاقی محکموں کی آسامیوں پر امیدواروں کے انٹرویوز شروع، انتظامات مکمل

ڈپٹی کمشنر حب کی نگرانی میں بھرتیوں کا عمل میرٹ اور شفافیت کے ساتھ جاری

حب (خ ن) وفاقی محکموں میں مختلف آسامیوں پر بھرتی کے سلسلے میں امیدواروں کے انٹرویوز کا آغاز آج صبح 9 بجے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر (ٹی ٹی سی) حب میں ہوگیا۔ انٹرویوز کا عمل منظم ماحول میں جاری ہے، جس کے لیے ضلعی انتظامیہ حب کی جانب سے تمام تر انتظامات مکمل (باقی صفحہ 3 نمبر47)

اسد قیصر کا بلاول بھٹو کے پی ٹی آئی موقف کی حمایت کا خیر مقدم

اسد قیصر نے بلاول بھٹو زرداری سے قومی اسمبلی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے حق میں ووٹ نہ دینے کا مطالبہ کردیا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سینئر رہنما اسد قیصر نے بلاول بھٹو کے پی ٹی آئی کے موقف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ اسلام آباد میں پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے اراکین قومی اسمبلی کے اجلاس میں عاطف خان، سلیم الرحمان، اسد قیصر و دیگر نے شرکت کی۔ پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے بلاول بھٹو زرداری سے قومی اسمبلی میں گورنر راج اور ایمرجنسی (باقی صفحہ 3 نمبر45)

چونیاں، فصل میں داخل ہونے والی بھینس کی ٹانگیں کاٹ دی گئیں

قصور (جی این ایم) چونیاں میں انسانیت کو جھنجھوڑ دینے والا افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں مبینہ طور پر فصل میں داخل ہونے پر ایک بے زبان بھینس کی ٹانگیں کاٹ دی گئیں۔ تفصیل کے مطابق چونیاں کے علاقے کوٹ گاما میں راستے سے گزرتے ہوئے ایک بھینس مبینہ طور پر (باقی صفحہ 3 نمبر46)

فلور ملز مالکان کو گندم کوٹے سے متعلق مسائل حل کرنے کی یقین دہانی

کراچی (جی این ایم) سندھ میں فلور مل مالکان کو گندم کوٹے سے متعلق مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرادی گئی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت سندھ جام اکرام اللہ دھاریجو سے گھوٹکی میں فلور مل مالکان اور بینک نمائندوں کی ملاقات ہوئی، جس میں کوٹہ کم ہونے اور جاری نہ ہونے کے مسائل اٹھائے گئے۔ صوبائی وزیر نے اس موقع پر وزیر خوراک سے رابطہ کیا اور مسائل کل تک (باقی صفحہ 3 نمبر44)

کوئٹہ، قائم مقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے یونیسیف کے نمائندے ضیاء الرحمان سالانی اور عمر درانی ملاقات کر رہے ہیں

پشتونوں کو ترقی، خوشحالی اور روزگار سے محروم رکھا جارہا ہے، پی کے میپ

پشتونوں کے وسائل اور معدنیات پر قبضے کی کوششیں ہورہی ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل سریاب کے صدر سید عبدالخالق آغا کی زیر صدارت تحصیل ایگزیکٹیوز کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نظام عسکر، ضلع سینئر معاون (باقی صفحہ 3 نمبر5)

ماحولیاتی کانفرنس کوپ 31 گلوبل وارمنگ سے نمٹنے کیلئے نیا معاہدہ پیش

انطالیہ (جی این ایم) ترکیہ کے شہر انطالیہ میں ہونے والی اقوام متحدہ کی ماحولیاتی کانفرنس کوپ 31 میں عالمی حدت پر قابو پانے کے لئے نئے معاہدے کا مسودہ پیش کردیا گیا ہے جبکہ آسٹریلیا اور ترکیہ کو توقع ہے کہ تقریبا 200 ممالک اس پر اتفاق کرلیں گے۔ رواں سال ہو (باقی صفحہ 3 نمبر3)

اسلام آباد تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد زخمی، دو ملزمان گرفتار

اسلام آباد (یو این اے) اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری پولیس نے نیلور اور کھنہ پل کے درمیان شہزاد ٹاؤن تھانے کی حدود میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد کو زخمی کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ آئی سی ٹی پولیس اہلکار نے اتوار کو میڈیا کو بتایا کہ ایس ایچ او شہزاد ٹاؤن نے پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر تیز رفتاری اور غفلت ولاپرواہی سے گا (باقی صفحہ 3 نمبر4)

انتظامیہ ایران کے ساتھ مذاکرات کررہی ہے، امریکی صدر

ایران سے ایسا معاہدہ ہو جو مستقبل کا احمق، برا یا کمزور امریکی صدر بھی ختم نہ کرسکے، ٹرمپ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران امریکا کے ساتھ معاہدہ کرنا چاہتا ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان بات چیت جاری ہے تاہم واشنگٹن ایسا (باقی صفحہ 3 نمبر1)

افغانستان میں طالبان مخالف مسلح مزاحمتی کارروائیاں تیز

یکم اگست تا 13 نومبر تک 22 صوبوں میں 126 حملوں میں 135 طالبان اہلکار ہلاک ہوئے، رپورٹ

کابل (جی این ایم) افغانستان میں طالبان مخالف مزاحمتی گروپس کا دائرہ وسیع ہوتا جا رہا ہے، جہاں مختلف صوبوں میں مسلح کارروائیاں تیز ہوگئی ہیں۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر2)

کراچی: وفاقی وزیر جام کمال خان اور یوگنڈا کی وزیر مملکت برائے زراعت فوڈ اگیگ پاکستان 2026 کا فیتہ کاٹ کر افتتاح کر رہے ہیں

مسقط: وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک عمان کے وزیر تجارت، انور بن ہلال بن حمدون الجابری سے ملاقات کر رہے ہیں

9 ماہ میں عوام سے پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1100 ارب روپے سے زائد وصول

سری جانب اسی مدت میں پیٹرولیم مصنوعات پر عائد کلائمٹ سپورٹ لیوی کی مد میں تقریبا 47 ارب روپے کی الگ وصولی کی گئی

شہری پیٹرولیم لیوی کے بھاری بوجھ تلے دب گئے ہیں اور حکومت کی جانب سے اس مد میں وصولیاں جاری ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (اے این این) حکومت نے 9 ماہ میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1100 ارب روپے سے زائد رقم وصول کی۔ ایک رپورٹ کے مطابق شہری پیٹرولیم لیوی کے بھاری بوجھ تلے دب گئے ہیں اور حکومت کی جانب سے اس مد میں وصولیاں جاری ہیں۔ وفاقی حکومت نے جنوری سے ستمبر 2026 کے دوران 9 ماہ میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں ایک ہزار 126 ارب 34 کروڑ روپے وصول کرلیے ہیں۔ دوسری جانب اسی مدت میں پیٹرولیم مصنوعات پر عائد کلائمٹ سپورٹ لیوی کی مد میں تقریبا 47 ارب روپے کی الگ وصولی کی گئی۔

جعفرآباد میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈیرہ اللہ یار کے خلاف مقدمہ درج

ایس ایچ او نے مجھے بلاجواز گرفتار کرکے حبس بیجا میں رکھا اور دو لاکھ روپے چھین لیے، مدعی مقدمہ کا موقف سامنے آگیا

جعفرآباد (یو این اے) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈیرہ اللہ یار کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ مقدمہ مدعی رب نواز بھنگر کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے جس میں ایس ایچ او مراد بھنگر اور گن مین حنیف بھنگر کو نامزد کیا گیا ہے جبکہ مقدمے میں تعزیرات پاکستان کی دفعات چونتیس، ایک سو چھیاسٹھ اور تین سو بیالیس لگائی گئی ہیں۔ ایف آئی آر (باقی صفحہ 3 نمبر6)

لسبیلہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات اور عملے کی حاضری کا جائزہ

ادویات کی عدم دستیابی اور عملے کی غیر حاضری برداشت نہیں ہوگی، اے ڈی سی

لسبیلہ (اے این این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے سرکاری (باقی صفحہ 3 نمبر43)

پاکستان اور ایران کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے پر مذاکرات آخری مراحل میں داخل

معاہدہ رواں فارسی سال کے اختتام تک طے پانے کی توقع ہے، ایرانی میڈیا

تہران (جی این ایم) پاکستان اور ایران کے درمیان جامع آزاد تجارتی معاہدے (ایف ٹی اے) پر مذاکرات آخری مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں جو رواں فارسی سال کے اختتام تک طے پانے کی توقع ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق ایران کی تجارتی ترقی کی تنظیم (باقی صفحہ 3 نمبر42)

سعودی دفاعی نظام نے حوثیوں کا مکہ کی جانب بھیجا بیلسٹک میزائل فضا میں تباہ کردیا

مکہ مکرمہ ریجن میں فضائی خطرے کے پیشِ نظر شہریوں کیلئے ہنگامی انتباہ جاری

ریاض، انقرہ (جی این ایم) سعودی اتحادی افواج نے یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے مکہ مکرمہ کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ اتحادی افواج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل ترکی المالکی کے مطابق سعودی فضائی دفاعی نظام نے بروقت کارروائی (باقی صفحہ 3 نمبر41)

دالبندین، مال بردار گاڑی پر مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈرائیور جاں بحق اور تین افراد زخمی

مسلح افراد نے ایک اور واقعے میں ٹرک کو نذر آتش کردیا ہے، سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات شروع کردی

دالبندین (یو این اے) چاغی کے علاقے ڈھڈر میں پاک ایران شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد نے تفتان سے دالبندین آنے والی مال بردار بس پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ڈرائیور موقع پر جاں بحق جبکہ تین افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس انتظامیہ کے مطابق مال بردار بس میں چار افراد سوار تھے اور گاڑی تفتان سے دالبندین کی جانب آرہی تھی کہ ڈھڈر کے مقام پر (باقی صفحہ 3 نمبر39)

صدر مملکت آصف زرداری سے اسحاق ڈار اور ایاز صادق کی ملاقات

راجہ پرویز اشرف اور سینیٹر شیری رحمان بھی ملاقات میں موجود تھے، ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت آصف علی زرداری سے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ ہفتہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ راجہ پرویز اشرف اور سینیٹر شیری رحمان بھی ملاقات میں موجود تھے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری سے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق (باقی صفحہ 3 نمبر37)

لاہور، پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ندیم افضل چن و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بروقت ویکسینیشن بچوں کی صحت مند نشوونما کے لیے ناگزیر ہے، ڈاکٹر موسیٰ خان

حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولیات ملک بھر میں مزید وسیع کی جائیں گی

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات (ایف ڈی آئی) نے ملک کے تمام بچوں کو 13 قابل انسداد بیماریوں سے محفوظ بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے بروقت ویکسینیشن کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ عالمی یوم اطفال 2026 کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات ڈاکٹر موسیٰ خان نے کہا کہ بچوں کی صحت مند نشوونما (باقی صفحہ 3 نمبر34)

غیر ملکی سرمایہ برقرار رکھنے کے لیے بھارت میں ٹیکس رعایتوں پر غور

ٹیکس میں کمی سے سرمایہ کاری بڑھے گی، مگر معاشی استحکام بھی ضروری ہے، ماہرین

اسلام آباد (اے این این) غیر ملکی سرمایہ کاروں کی جانب سے بڑے پیمانے پر حصص فروخت کیے جانے کے بعد بھارت میں غیر ملکی حصص سرمایہ کاروں کو ٹیکس میں رعایت دینے پر غور نے عالمی سرمائے کو ملک میں برقرار رکھنے کے بڑھتے ہوئے چیلنج کو نمایاں کردیا ہے۔ مالیاتی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ صرف مسابقتی ٹیکس نظام کارپوریٹ آمدن، کرنسی کے استحکام اور (باقی صفحہ 3 نمبر31)

نئے صوبوں پر اعتراض نہیں، آئینی طریقہ کار اختیار کیا جائے، نیئر بخاری

وزیراعظم کابینہ کو اعتماد میں لے کر معاملہ پارلیمان میں لائیں

اسلام آباد (جی این ایم) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز نیئر بخاری کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں پر اعتراض نہیں، آئینی طریقہ کار اختیار کیا جائے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ وزیراعظم اپنی پوزیشن واضح کریں، پیپلز پارٹی آئین سے انحراف قبول نہیں کرے گی، وزیراعظم کابینہ کو اعتماد میں لے کر نئے صوبوں کا معاملہ پارلیمان میں لائیں۔ نیئر بخاری نے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر30)

نئے صوبوں کا نعرہ سیاسی سانسیں بحال رکھنے کی ناکام کوشش ہے، سعدیہ جاوید

سندھ کی تقسیم کا خواب دیکھنے والے پہلے اپنی سیاسی زمین تلاش کریں، ترجمان سندھ حکومت

کراچی (اے این این) سندھ حکومت کی ترجمان سعدیہ جاوید نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا نعرہ اپنی سیاسی سانسیں بحال رکھنے کی ناکام کوشش ہے۔ کراچی سے جاری بیان میں سعدیہ جاوید نے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کے بیان پر سخت ردعمل دیا اور کہا کہ سندھ کی تقسیم کا خواب دیکھنے والے پہلے اپنی سیاسی زمین تلاش کریں۔ انہوں نے کہا کہ مصطفیٰ کمال نے (باقی صفحہ 3 نمبر29)

کوئٹہ پریس کلب
پریس کانفرنس

خضدار کی رہائشی صنم وعبدالرزاق او سلمیٰ پریس کانفرنس کر رہی ہیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹریز حاجی عبدالمجید بادینی، سنجے کمار پنجوانی، اراکین صوبائی اسمبلی ڈاکٹر محمد نواز کاکڑ، انجینئر زمرک خان اچکزئی، میر عبیداللہ گورگیج، ملک نعیم خان بازئی اور میر جہانزیب مینگل اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

صدر مملکت کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سینئر صحافی، انسانی حقوق کے علمبردار حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اتوار کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے حسین نقی کی صحافت، آزادی اظہا (باقی صفحہ 3 نمبر40)

انڈونیشیا، فیکٹری میں آتشزدگی سے 3 افراد ہلاک، 36 لاپتہ افراد کی تلاش جاری

جکارتہ (جی این ایم) انڈونیشیا میں ایک فیکٹری میں خوفناک آتشزدگی کے بعد امدادی ٹیموں نے ملبے میں پھنسے افراد کی تلاش کا آپریشن شروع کردیا۔ واقعے میں ابتدائی طور پر 3 افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہوئی ہے، جبکہ 36 افراد تاحال لاپتہ ہیں، جن کے بارے میں خدشہ ہے (باقی صفحہ 3 نمبر38)

پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین اچکزئی پاکستان کارڈیک سوسائٹی کے کم عمر ترین صدر منتخب

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے معروف ماہر امراض قلب پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین اچکزئی پاکستان کارڈیک سوسائٹی کے کم عمر ترین صدر منتخب ہوگئے۔ انہوں نے اسلام آباد میں منعقدہ 55 ویں (باقی صفحہ 3 نمبر36)

پشکان کے خصوصی افراد کی گھر گھر جاکر رجسٹریشن کا فیصلہ

گوادر (اے این این) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کے معاون خصوصی وسیم صمد نے ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر میر جان سے ملاقات کی، جس میں پشکان کے خصوصی افراد کی رجسٹریشن، انہیں سرکاری (باقی صفحہ 3 نمبر35)

صحبت پور، زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم اور نہری نظام کی بہتری پر غور

صحبت پور (اے این این) چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی نے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات میں سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل مدثر ظفر کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال شمس الملک بادینی اور ایگزیکٹو انجینئر کچھی کینال الٰہی بخش گاجانی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ضلع (باقی صفحہ 3 نمبر32)

احتجاجی کیمپ کوئٹہ
آزادی صحافت زندہ باد

کوئٹہ، سینئر سیاستدان حاجی لشکر خان رئیسانی پی ایف یو جے کی کال پر بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب کے زیر اہتمام صحافیوں کی جبری برطرفیوں اور بیوروز کی بندش کیخلاف پریس کلب کے سامنے دو روزہ احتجاجی کیمپ میں خطاب کر رہے ہیں

سندھ کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں، صوبہ ایک ہے اور ایک رہے گا، ناصر حسین شاہ

کاروباری حضرات اچانک صوبوں کے قیام کی بات کہاں سے لے آئے، صحافیوں سے گفتگو

کراچی (جی این ایم) سندھ کے وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ نے واضح کیا ہے کہ سندھ کی وحدت پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جاسکتا، صوبہ ایک ہے اور ایک رہے گا۔ حیدرآباد میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سندھ آج بھی ایک ہے اور مستقبل میں بھی ایک ہی رہے گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ریفرنڈم کے انعقاد سے خوفزدہ نہیں ہے، (باقی صفحہ 3 نمبر10)

روس کا یوکرین پر حملہ، بچے سمیت 2 افراد ہلاک، 60 زخمی

روسی میزائل پولینڈ کی حدود میں بھی گرے، ایک مشتبہ جیٹ انجن والا ڈرون بھی پولینڈ کی فضائی حدود میں داخل

ماسکو، کیف (جی این ایم) روس نے یوکرین کے وسطی صنعتی شہر کریوی ریح پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے حملہ کیا جس کے نتیجے میں سات سالہ بچے اور ایک خاتون سمیت 2 افراد ہلاک جبکہ 60 افراد زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق روسی حملے کے دوران میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے مختلف مقامات کو نشانہ بنایا گیا، جس سے شہر میں جانی نقصان ہوا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر12)

امریکا اور کینیڈا کی افواج کے درمیان تعاون محدود کرنے کا مبینہ خفیہ میمو

کینیڈین وزیر دفاع کی دونوں ممالک کے درمیان فوجی تعاون جاری رہنے کی تصدیق

اوٹاوا (جی این ایم) امریکا اور کینیڈا کی افواج کے درمیان تعاون محدود کرنے سے متعلق مبینہ خفیہ امریکی میمو سامنے آگیا تاہم اس کے بعد کینیڈین وزیر دفاع نے دونوں ممالک کے درمیان فوجی تعاون جاری رہنے کی تصدیق کردی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کینیڈین وزیر دفاع کا اپنے بیان میں کہنا ہے کہ انہوں نے امریکی میمو سے متعلق میڈیا رپورٹس نہیں دیکھیں (باقی صفحہ 3 نمبر14)

جنگ میں زخمی 70 فیصد اسرائیلی فوجی دوبارہ ڈیوٹی پر واپس آگئے، آئی ڈی ایف

زخمی اہلکاروں میں جسمانی اور ذہنی صدمے کا شکار ہونے والے فوجی بھی شامل ہیں: اسرائیلی فوج

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ گزشتہ 3 سال کے دوران جنگ میں زخمی ہونے والے اس کے تقریبا 70 فیصد اہلکار صحت یابی کے بعد دوبارہ فوجی خدمات انجام دینے لگے ہیں، جبکہ وزارت دفاع کے بحالی کے شعبے میں اس وقت تقریبا 31 ہزار زخمی افراد رجسٹرڈ ہیں۔ اسرائیلی فوج نے اتوار کو جاری کردہ اعداد و شمار میں بتایا کہ زخمی اہلکاروں میں جسمانی (باقی صفحہ 3 نمبر18)

کراچی، پولیس کا موٹر سائیکل سوار ملزم سے مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (اے این این) بوٹ بیسن پولیس کا موٹر سائیکل سوار ملزم سے مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ بوٹ بیسن پولیس نے دوران گشت اتوار بازار بلاک 2- کلفٹن کے قریب موٹر سائیکل پر سوار مشکوک شخص کو رکنے کا اشارہ کیا۔ پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی ملزم نے فائرنگ (باقی صفحہ 3 نمبر11)

اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کا اجلاس 23 نومبر کو ہوگا

کوئٹہ (جی این ایم) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن، جامعہ بلوچستان کی کابینہ کا ایک اہم اجلاس مورخہ 23 نومبر، بروز سوموار، دن 12 بجے اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے دفتر میں منعقد ہوگا۔ اجلاس میں ریٹائرڈ اساتذہ کرام کے پنشن واجبات کی فوری ادائیگی کے مطالبے کے سلسلے (باقی صفحہ 3 نمبر13)

میر علی سے فتنہ الخوارج کا چھپایا گیا اسلحہ اور بارودی مواد کا بڑا ذخیرہ برآمد

راولپنڈی (یو این اے) شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں سیکیورٹی فورسز کا سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے جاری ہے جبکہ میر علی کے علاقہ حیدر خیل میں سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج کا اسلحہ اور بارودی (باقی صفحہ 3 نمبر16)

ایک وزیر آج کل روز ٹی وی پر آنے کیلئے میرے اوپر تبصرے کر رہا ہے: محسن نقوی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا ہے کہ ایک وزیر آج کل روز ٹی وی پر آنے کے لیے میرے اوپر تبصرے کر رہا ہے۔ نجی ٹی وی سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جس دن میں نے اس وزیر (باقی صفحہ 3 نمبر19)

ایران اور روس کے درمیان جوہری تعاون جاری رہے گا: روسی عہدیدار

ماسکو (جی این ایم) روس کی سرکاری جوہری توانائی کمپنی روس ایٹم کے سربراہ الیکسی لیخاچیف نے کہا ہے کہ ایران میں بوشہر جوہری بجلی گھر کا منصوبہ رواں سال ہونے والے فوجی حملوں کے دوران کڑے امتحان سے گزرا اور یہ کہ ایران اور روس کے تعلقات بیرونی دبا کا مقابلہ کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔ روسی خبر رساں (باقی صفحہ 3 نمبر23)

لسبیلہ پولیس کی کامیاب کارروائی، گن پوائنٹ پر چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد، ملزم گرفتار

اوتھل: (رپورٹ - عزیز یوسفزئی) انچارج سی آئی اے پولیس لسبیلہ جان محمد جاموٹ کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے کراچی سے گن پوائنٹ پر چھینی (باقی صفحہ 3 نمبر15)

خیبر پختونخوا کے ترقیاتی پیکیج کے 10 ارب روپے جاری ہونا خوش آئند، ثمر بلور

ترقیاتی فنڈز کی پہلی قسط سے صوبے میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام آگے بڑھانے میں مدد ملے گی

پشاور (اے این این) گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر برائے اطلاعات وتعلقات عامہ ثمر ہارون بلور نے کہا ہے کہ صوبے کے ترقیاتی پیکیج کے 10 ارب روپے جاری ہونا خوش آئند ہے۔ اپنے جاری بیان میں ثمر ہارون بلور کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے لیے وزیراعظم کی جانب (باقی صفحہ 3 نمبر17)

طاہر اشرفی کا مدارس کی رجسٹریشن کے لیے صدارتی آرڈیننس کا خیر مقدم

چیئرمین پاکستان علماء کونسل نے صدر، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کا خصوصی دلچسپی پر شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین اور قومی پیغام امن کمیٹی کے کوآرڈینیٹر حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے خیبر پختونخوا میں دینی مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے صدارتی آرڈیننس کے اجرا کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ملک بھر کے مدارس کو درپیش (باقی صفحہ 3 نمبر20)

ایران تنازع کے باعث معاشی مشکلات بڑھ گئیں، ترکیہ

مستقبل میں اسکے اثرات انتہائی تباہ کن ہوسکتے ہیں، ترک وزیر خارجہ

انقرہ (جی این ایم) ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ کے باعث عالمی معیشت پر دبا بڑھتا جا رہا ہے جبکہ جنگ بندی اور امن معاہدہ عالمی مالیاتی بحران کے اثرات کم کرنے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ ترک نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے حاقان فیدان نے خبردار کیا کہ ایران جنگ کے منفی اثرات (باقی صفحہ 3 نمبر21)

پنجاب میں فضائی آلودگی میں اضافہ، لاہور آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر برقرار

ملک کے بیشتر حصوں میں شدید سردی کی لہر، قلات میں پارہ صفر تک گر گیا

اسلام آباد، لاہور (جی این ایم) پنجاب میں فضائی آلودگی میں اضافہ ہونے لگا، لاہور کی فضا انتہائی مضر صحت ہوگئی ہے۔ صوبائی دارالحکومت دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں مسلسل پہلے نمبر پر برقرار ہے، شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 500 سے تجاوز کرگیا۔ لاہور کے (باقی صفحہ 3 نمبر22)

کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے نو منتخب صدر رزاق عاصم اور دیگر عہدیداروں سے حلف لے رہے ہیں

پاکستان کا مزید 8 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ، تیسرا عالمی ٹینڈر جاری

ٹینڈر کے تحت بھارت، اسرائیل اور دیگر ممنوعہ ممالک سے گندم درآمد کرنے پر پابندی ہوگی جنگ زدہ علاقوں سے گندم فراہم کرنے والی کمپنیوں کو متبادل ممالک سے سپلائی کی پیشکش بھی دینا ہوگی

گندم کی درآمد کے خواہشمند سپلائرز کے لیے کم از کم 5 سال کا برآمدی تجربہ اور گزشتہ پانچ سال کے دوران کم از کم 50 ہزار ٹن گندم برآمد کرنے کی شرط عائد کی گئی ہے

اسلام آباد (اے این این) وفاقی حکومت نے ملک کی ضروریات پوری کرنے کے لیے 8 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے تیسرا بین الاقوامی ٹینڈر جاری کردیا، جس کے تحت عالمی سپلائرز سے بولیاں طلب کرلی گئی ہیں۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کی جانب سے جاری ٹینڈر دستاویزات کے مطابق گندم درآمد کے لیے بولیاں جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 نومبر مقرر کی گئی ہے، جبکہ اسی روز دوپہر ڈھائی بجے تکنیکی بولیاں کھولی جائیں گی۔ عالمی سپلائرز کے لیے کم از کم 50 ہزار میٹرک ٹن گندم کی بولی دینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ٹینڈر کے تحت بھارت، اسرائیل اور دیگر ممنوعہ ممالک سے گندم درآمد کرنے پر پابندی ہوگی۔ جنگ زدہ علاقوں سے گندم فراہم کرنے والی کمپنیوں کو متبادل ممالک سے سپلائی کی پیشکش بھی دینا ہوگی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر24)

عالمی منڈی میں روئی کی قیمتوں میں کمی

پاکستان میں معیاری کپاس کی قلت کے باعث نرخ مستحکم

کراچی (اے این این) امریکی، چینی اور روسی صدور کی ملاقات کے بعد امریکا اور چین کی درآمدی و برآمدی ٹیرف میں کمی کی توقعات کے باعث عالمی سطح پر روئی کی قیمتوں میں کمی کا رجحان پیدا ہوگیا ہے جبکہ اسکے برعکس پاکستان میں معیاری روئی کی انتہائی محدود دستیابی سے قیمتیں مستحکم رہیں۔ مقامی ٹیکسٹائل ملوں کی خریداری سرگرمیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔ حکومت کی (باقی صفحہ 3 نمبر27)

پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر خارجہ پالو رنجل کی پاکستان آمد

اسلام آباد (جی این ایم) پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر خارجہ پالو رنجل پاکستان پہنچ گئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ایڈیشنل سیکرٹری یورپ عائشہ علی نے پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر خارجہ کا استقبال کیا۔ پرتگال کے وزیر (باقی صفحہ 3 نمبر28)

کراچی، پولیس کارروائی، منشیات فروشی میں ملوث عادی جرائم پیشہ 2 ملزمان گرفتار

کراچی (اے این این) ایس ایس پی ڈسٹرکٹ ساؤتھ مہزور علی کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ساؤتھ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، پریڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر26)

درگاہ چشموی شریف شکارپور میں عید میلاد النبیؐ اور سالانہ عرس مبارک عقیدت واحترام سے منایا گیا

سندھ، بلوچستان سمیت ملک بھر سے ہزاروں عقیدت مندوں کی شرکت، علمائے کرام کے سیرت النبیؐ پر خطابات

جیکب آباد (عبدالقیوم جکھرانی) درگاہ عالیہ چشموی شریف شکارپور میں ہر سال کی طرح اس سال بھی جلسہ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت آغا خواجہ فخرالدین جان چشموی نقشبندی رحم ؟ اللہ علیہ و حضرت آغا خواجہ عبدالرؤف جان چشموی نقشبندی رحم ؟ اللہ علیہ کا سالانہ عرس مبارک انتہائی عقیدت، احترام اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منعقد کیا گیا۔ روحانی محفل کی صدارت درگاہ کے سجادہ نشین پیر طریقت، رہبر شریعت حضرت آغا خواجہ محمد عاصم جان چشموی نے کی (باقی صفحہ 3 نمبر25)

احتجاجی کیمپ کوئٹہ
آزادی صحافت زندہ باد

کوئٹہ، پی ایف یو جے کی کال پر بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب کے زیر اہتمام صحافیوں کی جبری برطرفیوں اور بیوروز کی بندش کیخلاف پریس کلب کے سامنے دو روزہ احتجاجی کیمپ کے آغاز پر جماعت اسلامی کے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ خطاب کر رہے ہیں